۲۸	پریکھت ۲			یہہ شخص اوتاپدسٹر راجہ مزکور کا تھا بعد تخت نشینی اسکے مدر ایام بسبب ہستناپور بسبب طغیانی گنگا کے ڈوب گیا تھا
۲۹	بسدیو			یہہ شخص خاندان مین بڑے بیٹے بیات سے تھا
۳۰	دلیوک			تشریح الیتما
۳۱	اگرسین			یہہ بھائی دلیوک کا تھا اسنے بسدیو کے باپ کا راج چھین کر قبضہ مین کرلیا بعد

۲۳	بھیشم	شنانتن	اسنے منصب ولیعہدی کا اپنے سب سے چھوٹے بھائی کو دیا اور وقت بلوغ پانڈو کے آپ اپنی عورت سمیت کوہ ہمالہ پر چلا گیا
۲۴	بچتر بیر	ایضاً	بعد مارے جانے اپنے چھوٹے بھائی کے تخت سلطنت پر متمکن ہوا اور لاولد مر گیا اسکی عورت رکھیشر بیاس کی گھر مین رہی اوس سے دو لڑکے ہوئے
۲۵	چترانگد	ایضاً	یہہ شخص لڑائی مین مارا گیا
۲۶	دہرت راسٹر	بیاس	رکھیشر مذکور بیاس کی پراسر تھی اور راناستوتی تھی جو کہ پیچھے راجہ شنانتن کی رانی ہوئی اسکے بچتر بیر اور بیاس دونو بھائی تھے
۲۷	پانڈو	ایضاً	یہہ شخص فی الحقیقت آدم زاد تھا مگر پرانون مین اوسکی پیدائش دیوتاؤن سی منسوب اس سبب سے کہ وہ نہایت جوانمرد تھا اور ارجن تیراندازی مین اور یدہسٹر راست گوئی مین اور بھیم زوری مین مشہور تھے جب پانڈو واہستنا پور نام شہر کو گئے وہانکا راجہ دہرت راشٹر تھا اور اونہون نے ایک اور ملک دیکھا اوسمین ایک شہر اندرپرستہ جو دہلی کی قریب سی اسحال معروف ہے آباد کیا اتفاقاً پانڈوا اور کوروون کی درمیان نزاع اوٹھا اور اوسکا انجام یہہ ہوا کہ کرچھیتر کے میدان مین خون کی ندیان بہین آخرکار پانڈوؤن کی فتح ہوئی اور دہرت راشٹر کا تمام خاندان دریودہن سمیت پانڈوؤن کی ہاتھون سے مارا گیا اون دنون دونو طرفون سے بہت سی راجہ حامی اور مددگار تھے چنانچہ پانڈوؤن کی مددپر سری کشن دوارکا کا راجہ تھا اور دوسری طرف سپہ سالار بھیشم اور درون اور کرن تھے اور یہ ہنگامہ عظیم اٹھارہ دن تک گرم رہا اسکے بعد راجہ یدہسٹر راج کاج دہن و دولت چھوڑ کر اپنے

۱۰	الوچیٹر	پروروا	بعد وفات اپنے باپ کی تخت نشین ہوا اسکے دو بیٹے تھے
۱۱	نہکھہ	الوچیٹہ	بعد وفات اپنے باپ کے الہ اباد کا تخت نشین ہوا
۱۲	چھیتر برودھ	ایضاً	اسنے اپنی جوانمردی و دلیری سے بنارس مین عمل کرکے اپنا راج قائم کیا
۱۳	بیات	.	بعد فوت نہکھہ مذکور اسنے اوسکا مرتبہ پایا اور نہکھہ کے پانچ بیٹے تھے اور راجہ بیات کی اولاد مین سے یوفون کا ملک جو جسنے پیشتر لیا وہ اوسکے نام سے مشہور ہوا
۱۴	بدو	نہکھہ	بعد حکمرانی مرگیا
۱۵	الو	ایضاً	اسکی اولاد مین انگ اور بنگ اور مدرا اور کلنگ اور پنڈرا مشہور ہوسئے اور انکے نامون کی موافق ملکون کی نام ہین
۱۶	ترسبس	ایضاً	اسکی اولاد مین پانڈے اور کرل اور چولک مشہور ہوئے اور انہین کی نامون کے موافق دکن مین ملکون کی نام ہین
۱۷	ورہی	ایضاً	اسکی اولاد مین گاندہار تھا
۱۸	پور	ایضاً	راجہ نہکھہ نے سب کی طرف سے دل برداشتہ کرکی اسکو اپنا مرتبہ دیا تھا اور اسکی اولاد پوروبنسی کہلائے اور بعد فوت پدر کے تخت نشین ہوا
۱۹	بھرت		اسی سے بھرت کھنڈ یعنی ہندوستان کے پوروبنسی راجاؤن کی بنیاد ہے اور اسنے تمام بھرت کھنڈ کا راج کیا
۲۰	راجہ ہستی		بعد گذرنے عرصہ بیس برس کے راجہ پورکے یہہ راجہ پیدا ہوا اور ہستناپور کو اپنا دار الخلافہ مقرر کیا
۲۱	کر		یہہ شخص پرپوتا راجہ ہستی مذکور کا تھا اور اسی کی نام سے بارہ ملک مین کرچھیتر مشہور ہے اور اسکی تیرہوین پشت کے بعد

اسکی نسل مین بیسے تھے

۲۲ شنتن

			جناب امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کے پہونچی آنحضرت اوسکو بقیمت آٹھ ہزار یا ۱۲ ہزار درم کے بیچ ڈالا اور اسکے عہد مین خلافت حضرت عثمان رضا بن عفان رضہ کی تھی اور عہد کیومرث سے اس بادشاہ تک انشی بادشاہ ہوسے واللہ اعلم بالغیبہ واحکم سبحان من لا تزول مملکتہ لا یحول فقط

۵۴	نقشہ امرایان یعنی راجگان سورج بنسی چندر بنسی ہندوستان راجہ برہما ترتیب اجمالا		
عدد	نام امراء	نام پدر	کیفیت
۱	برہمان	۵	اسکے دو بیٹے تھے ایک وچہ دوسرا اتران دونون قومون کی راجاؤن کی ابتدا ہوئی اس طرح پر
۲	سورج	وچہ	پیدا ہوا لعبدہ
۳	سوم یعنی چندرمان	اتر	پیدا ہوا اور اسیطرح یونان والے بھی براہ افتخار اپنے راجاؤنکی پیدایش سورج اور چاند سے بتاتے ہین اب بیان سورج بنسی کیا جاتا ہے
۴	راجا اچھواک		پیدا ہوا اسکے راجدھانی اجودھیا پوری تھی اور اسکے بعد بھی وہان اسکی اولاد راج کرتی رہی چنانچہ اونمین سے
۵	راجہ رامچندر		یہہ شخص نہایت مشہور ہوا اور انکے عہد سے ابتک قریب تین ہزار برس گذرے ہین اونہون نے اپنی سوتیلی ماکے حکم سے قبل از ولیعہدی صحرانشینی اختیار کی اور جب راون لنکا کا راجہ دغا کرکے رانی سیتا کو جو اسروپی یعنی بےحد حسین تھی لنکا مین لگیا رامچندر جی

				اور اپنے باپ کی زندگی مین والا یعنی شاہ تخت نشین ہوا اور بہرام چوبین نے اسکا ملک چھین لیا تھا تب پرویز پاس امرلقیس بادشاہ روم کے چلا گیا بادشاہ روم نے اسکو بہت کچھہ دیکر ساتھہ اپنی بیٹی ماریہ سے شادی کردی تھی
۱۹	شیرویہ	پرویز	۶ م یا ۸ م	سنہ ۹ ھ مین اپنے باپ کو بذریعہ اولاد اسادرہ کے مارکر تخت پر بیٹھا اس نے کم حکمرانی کی اور اسکے بارہ بھائی تھے اور حریص وجماع پرست تھا بطمع ازدیاد شہوت سم کھاکر مرگیا
۲۰	یزدجرد	شہریار ساسانی	اس ۶ م	اسکے وقت مین ہنگام خلافت حضرت عمر رض عرب سے بہت لڑائیان ہوئیں اور رستم پہلوان بھی جسکا تاج قیمتی لاکھہ دینار کا تھا مارا گیا سنہ ۱۴ ہجری مین ہاتھہ ہلال بن علقمہ سے اور سعد بن وقاص کی لڑائی سے بھاگا اور سنہ ۳۲ ھ مین مروہ مین مارا گیا اور سلطنت اسلام کی فارس مین آئی اور سال ۱۶ خلافت حضرت عمر رض مین لشکر اسلام عبور دجلہ کا کرکے قریب مداین کے پہونچا اور مقابلہ سپاہ عرب سے ہوکر ہنگام شب متوجہ جلولا ہوی چنانچہ منجملہ غنایم مداین ایک بساط زربفت خزاین کسری اسے ملی ۶۰ گز در ۶۰ گز کہ یواقیت وسائر جواہر سے مرصع تھی جب مدینہ مین پہونچے جناب فاروق اعظم نے اسکو قطع کرکے مہاجرین کو تقسیم کردی ازانجملہ بقدر کف دست حصہ مین

				کہانہ زہ اور خوش ہوا فقط
۱۷	ہرمز	نوشیروان	۱۲س	پہلے ساتھہ وضیع و شریف کی زندگانی اچھی کی اور نجہ واسطے احضار مستغیث و مظلوم کی معہ جرس لٹکوا دی تھے اور بادشاہ روم آٹھہ ہزار سوار لیکر اسیر چڑہ آیا تھا. بالآخر اشراف و اعیان کو مارنا شروع کیا حتی کہ عرصہ ۱۲ سال مین ۱۳ ہزار اکابر و علمای عجم کو قتل کیا آخرش اندھا کیا گیا بذریعہ اپنے بیٹے کے
۱۸	خسرو پرویز	ہرمز	۳۸س	گیارہ ہزار کنیز خوبصورت اسکے حرم مین تھین اور چھہ ہزار خادم و تین ہزار عورت اور دوسو رومی عطردان اور مجامر خوشبو کی ہنگام سواری چلتی تھی تا کہ خوشبو بادشاہ کو پہونچتی جای اور لاکھہ بہشتی و سقی واسطے چھڑکاو کی تھے اور اسکے پاس ایک پیالہ تھا کہ جب اوس سی پانی پی لیتے پھر بھر جاتا تھا از خود اور ایک شمع بھی سونیکی کہ بغیر مس آگ کی اوس سی جو چاہو بنا لو اور چھتیس ہزار قیدی تھی اور اونھین زادان نامی ایک شخص مولی جبیش کا تھا اوسنی اتفاق کرکی اسکو یعنی پرویز کو گھر مین قید کر لیا کہ راہی ملک فنا ہوا اور عربی مین معنی پرویز کے مظفر ہین اور ایک ہزار و سو ہاتھی اور پچاس ہزار گھوڑے کے سوار اور بیس ہزار پانچ سو اونٹ اسکی طویلے مین تھی اور نکیسا و باربد اسکے گانیوالے تھے اور عشق اسکا شیرین معشوقہ فرہاد پر مشہور ہے اور اسنے نامہ ختم المرسلین صلعم کو جو کہ واسطے دعوۃ اسلام کی لایا تھا پارہ پارہ کیا تھا کہ دعا بد پائی

					نام سے جوزنا کو مباح کر دیا تھا اپنی بیٹیوں سے [illegible] تھا اور اسنے اوسکا مذہب قبول کیا و شہر بہر [illegible] کو قتل کیا اور ملک میں [illegible] طلبہ کو چلا گیا آخر کو شہر [illegible] کی جنگل میں مارا گیا
۱۶	نوشیروان عادل	قباد		۴۸	یہہ بادشاہ بڑا عادل تھا اسکے سال چوبیسوین جلوس مین عبد اللہ ابن مطلب اور ۴۲ سالمین پیغمبر ہمارے ختم المرسلین صلعم پیدا ہوئی اور سات شہر آباد کیے اور بہت شہر فتح کیے اور اسکو کسریٰ بھی کہتے ہین اور رائے [illegible] چند اسکے عہد مین ہند کا راجہ تھا اور اسنے یہود و نصاریٰ پر خراج مقرر کیا تھا اور بزرجمہر حکیم وزیر اسکے پاس تھا اور اسکے عہد مین [illegible] شمال دیار ترکستان سے آکر عراق مین ظاہر ہوا اور [illegible] اسکے آنے سے علما موبدون نے ہنگام استفسار سبب [illegible] بیان کیا کہ عند الاستدراک ۹۰ عمال آدم کا ظلم عدل پر [illegible] نوبت کو پہونچا کہ اونکی گردن ماری گئی پھر بانگ [illegible] سبب تیہوسے [illegible] اور گرگ نے میش کو خواہر [illegible] کمال نصفت بادشاہ کے فقط اور اس بادشاہ کو ایک نیک معلم وقت طفولیت کے تعلیم کرتا تھا یہانتک کہ علوم مین فائق کر دیا ایک روز اوسی معلم نے بیقصور اسکو مارا یہہ خفا ہو رہا تھا جب کہ مالک ملک کا ہوا اوس معلم کو بلا کر سبب مارنے بیقصوری کا پوچھا اوسنے جواب دیا کہ مینے جسوقت تجھے کمال متوجہ طرف علم کے دیکھا اور امید قوی تھی کہ تو بعد اپنے والد کے کشورکشا ہوگا پس مینے مناسب جانا کہ تجھکو مزا طعام ظلم کا چکھا دوں تاکہ تو ظلم سے محترز رہے تب نوشیروان نے [illegible]

				ولایت مین عرب کو سپرد کیا اوسنے ستمار نیدین کو مفوض کیا ستمار نے دو عمارت اسکے واسطے تعمیر کی سدیر و خورنق کہ شبانروز مین چند رنگ مختلف دیکھائی دیتی تھین یعنی ہنگام صبح ارزق اور وقت استوا سفید و بعد ظہر زرد و اسکے عہد مین راجہ باسدیو ہندوستان مین تھا اسکی دختر کو ایران مین لے گیا اور [illegible] بعد ہبوط آدم کے مرگیا اور جب وقت کہ باپ بہرام گور کا مرگیا اور مالک ملک کا ایک شخص موسوم کسری سے ہوا پس بعد قیل و قال ذریعہ نعمان کے یہہ ٹھہرا کہ تاج شاہی درمیان دو شیرون کے رکھا جاوے جو کہ اوسکو اوٹھا لیوے مالک ملک کا وہ ٹھہرے پس اسنے تاج شیرسی حاصل کرکے سر پر رکھا اور تخت نشین ہوا اور مست ہاتھی کو بھی پکڑ لایا تھا
۱۱	یزدجرد	بہرام گور	۱۸ س	بادشاہ عادل تھا اور اسکے دو بیٹے ایک فیروز دوسرا ہرمز تھے اسنے کئی شہر ایک ہند مین دوسرا ری مین تیسرا جرجان مین آباد کیا
۱۲	ہرمز	یزدجرد	۱ س	فیروز نے اس بادشاہ پر لشکرکشی کرکے ملک چھین لیا اور اسکو ملک ری مین مار ڈالا
۱۳	فیروز	ایضاً	۲۶ س	اسکے عہد سلطنت مین بعد ایک سال کے سات برس تک پانی نہ برسا قحط
۱۴	بلاش	فیروز	۴ سال	یہہ بادشاہ عادل و سپاہ نواز تھا اور شہر ساباط و مداین کو بنا کیا
۱۵	[illegible]		۴۳ س	بعد دس برس اسکی سلطنت کی ایک شخص مزدک

نمبر	نام	نام پدر	مدت	کیفیت
				آلیسمین سے دئے اسی سبب سے ذوالاکتاف مشہور ہوا جبکہ اس بادشاہ کا باپ گیا تب یہہ بادشاہ اپنی ماکے بطن مین تھا پھر پیدا ہوئی صاحب تاج وملک کا ہوا اور لڑکپن سی نہایت عظیم اوس سے ظاہر ہوئی جب کہ پانچ برس کی عمر کو پہنچا دوسری طرف دجلہ کے پل بنوایا جب کہ بعمر ۱۶ سال کے پہونچا لشکر لیکر عرب پر چڑہ گیا اور لڑائی کی اور ملوک ساسانیہ طیموس غربی مداین کیطرف ساکن ہوئے اور یہہ بادشاہ جانب شرقی کے رہا اور وہان ایک ایوان عظیم الشان معروف بایوان کسری بنا کیا جسکے نشان اتک باقی ہین اور اسکی عمر و مدت سلطنت برابر ہے
۶	اردشیر	ہرمز	۴ س	لقب اس بادشاہ کا جمیل تھا اور حکومت مانند اپنے بھائی کے کرتا تھا آخر کو مر گیا
۷	شاپور	شاپور	۵ س	حاکم عادل و مشفق تھا بسبب چلنے باد سخت کی طناب خیمہ کی ٹوٹ گئے اور خیمہ اسکے سر پر گرا کہ مر گیا
۸	بہرام	شاپور ذوالاکتاف	۱۱ س	یہہ بادشاہ ملقب کرمان شاہ تھا بنہایت نیکو سیر و پاکیزہ سریرت آخر مارا گیا اسکو کرمان شاہ بھی کہتے ہین
۹	یزدجرد یا اثیم	بہرام	۲۲ س	اس بادشاہ نے بہت خونریزی کی اور فتنہ و فساد برپا کیا آخر کو بسبب لگد زنی اسپ توسن کے راہی ملک عدم کا ہوا اور وہ اسپ آنکھون سے غایب ہوا اور اسکو مجرم و ظالم بھی کہتے ہین
۱۰	بہرام گور	یزدجرد	۲۳ س	اسکے باپ نے نعمان بن امرؤ القیس والی

نمبر	نام	پدر	مدت	کیفیت
				شہر روم سے کے لیے اور مانی زندیق نقاش اسکے وقت مین ملک چین مین پیدا ہوا اور دعوی نبوت کیا تھا اور کتب فلسفہ یونانیہ کو لغت فارسی مین اسکے واسطے ترجمہ کیا تھا اور مانی مذکور ہند مین بھی آیا تھا اور مانی کی معجزہ سے ایک یہہ تھا کہ دائرہ ہاتھہ سے بلا ذریعہ پرکار کھینچتا تھا اور جبکہ اوسپر پرکار پھیری جاتی خلل و فرق نپایا جاتا اور قطر اوس دائرہ کا زیادہ ۵ درجہ سے ہوتا تھا اور دوسرا یہہ کہ خطوط مستقیم بغیر مسطر کھینچتا جبکہ اوسپر مسطر منطبق کرتے برابر پڑتی فقط
۳	ہرمز	شاپور	یک سال	یہہ بادشاہ اپنے باپ کی طرف سے ایالت خراسان پر لیا اور اعانت اولیا اور اہانت اعدا کرنا شروع کی اور شہر ہرمز بنا کیا آخر ۵۶۰ سکندری مین فوت ہوا
۴	بہرام	ہرمز	۳ سال	یہہ بادشاہ نہایت حلیم و مشفق تھا اور مانی نقاش کو جو عہد مین شاپور کے ظاہر ہوا تھا ایران مین مار ڈالا اس سبب سے کہ حضرت عیسی ع م نے اصحاب سے کہا تھا کہ بعد میرے فارقلیطا کہ ایک نام مبارک رسول ختمی صلعم سے ہے مبعوث ہووے فرزندان اپنے کو وصیت کرو کہ متابعت اوسکی کرین مانی نقاش نے اپنے تئین فارقلیطا قرار دیا تھا اور ایک کتاب کو انجیل کے نام سے ظاہر کیا تھا پھر بہرام بن بہرام پیدا ہوکر اور ۱۷ سال حکمرانی کر کے مر گیا پھر اسکا بھائی نرسی بعدہ ہرمس بن نرسی پیدا ہوکر راہی ملک عدم ہوئے
[illegible]	شاپور ذوالاکتاف	بہرام	۷۲ س	سنہ [illegible]۵ بعد ہبوط آدم کے بادشاہ ہوا بلند ہمت تھا ایک روز قول منجمان پر بدگمان ہوکر دو نوکتف اونکے

				مارا گیا اور اشغانیان ایک طائفہ دوسری ملوک طوائف سے ہین کہ نسب اونکا فریبرز بن کاوس سے ملتا ہے اور نام اون بادشاہون کے حسب تفصیل ذیل ہین
۱۲	اردوان	اشغان	۲۳ س	اسنے اشکانیون سے جنگ کی اور انکا ملک لے لیا اور اسکے عہد مین تمام ملوک طوائف نے پیشیہ بت پرستی کیا اللہ تعالی نے جرجیس ع م کو بھیجا
۱۳	بلاش	اشغان	۱۲ س	بعد اپنے بھائی کے بادشاہ ہوا تھا آخرش آخر ہوا
۱۴	گودرز	بلاش	۳۰ س	اسکو گودرز بزرگ کہتے ہین بقول بعضی مورخین سے انتقام خون یحیی معصوم ع م کا بنی اسرائیل سے لیا تھا
۱۵	بیژن	گودرز	۲۰ س	یہ بعد اپنے باپ کے کمال ابہت و عظمت سے ریاست کرکے راہی ملک عدم ہوا
۱۶	گودرز	بیژن	۱۰ س	بشرح صدر
۱۷	نودر	بیژن	۱۱ س	اسکے زمانہ مین رومیون نے قصد ایران کا کیا فقط
۱	اردشیر	پسر ساسان بابک	۱۴ س	حضرت عیسی ع م کے وقت مین تھا اور خفیہ اوپر ایمان بھی لایا اور خروج انکا ۵۷۹ بعد ہبوط آدم ع م کے ہوا اور کتاب کارنامہ و آداب العیش اسکی مولفات سے ہین اور زبان اس طبقہ کی پہلوی تھی اور بڑا عاقل تھا اسکا مقولہ ہے کہ نفس ملوک و مردم شریف کو کوئی شے مضر زیادہ اس سے نہین ہے کہ معاشرت سخیف و خطرات لئیم سے کرے کسواسطے کہ خوشبو سے زندگی نفس کی ہوتی ہے
۲	شاپور	اردشیر بابک	۳۱ س	اس بادشاہ نے بہت بڑی بڑی فتحین کین اور اکثر

ساسانیان

نمبر	نام	باپ	مدت	کیفیت
				بوزنہ مسخ و مصور ہوکر بعد سات روز کی واصل جہنم ہوئے
۵	ہرمز	بلاشش	۱۹ س	یہہ بادشاہ نیک سیرت و عادل و دلیر تھا حضرت یونس عم آپکے عہد مین مبعوث ہوئی وفات اسکی ۵۲۵ سکندریہ مین ہوئی
۶	انوشش	ایضاً	۴۰ س	اس بادشاہ کی چالیس زن تھین عادل و داد گر تھا اور صادق و صدیق اور حبیب نجار انطاکیہ مین پہونچکر دعوت خلق اللہ کی دین عیسے عم پر کی کافرون نے تینون کو شہید کیا آخرش بحکم رب العالمین جبرئیل عم نے صیحہ مارکر مشرکون کو اوسکے صدمہ سی ہلاک کیا
۷	فیروز	ہرمز	۱۷ س	بسبب وفور ظلم کے رعایا نے ہجوم کرکے تحت تخت کرلائے اور اندھا کردیا اور اوسکے بیٹے کو تخت نشین کیا
۸	بلاشش	فیروز	۱۲ س	اسنے سواے ممالک اپنے آبا و اجداد کی بعضے بلاد کو مسخر کیا پھر راہی ملک عدم ہوا
۹	خسرو	بلاش	۴۰ س	امور مملکت مین یہہ بادشاہ تدبیر صائب رکھتا تھا ایک قصر ہفت طبقہ بنایا کہ اشرار اور مجرمان کو اوسکے اوپر سے نیچے ڈالتا اور نہایت شہوت پرست تھا ایک روز تریاق اربعہ کھاکر عارضہ اسہال سی مر گیا
۱۰	بلاشش	بلاش	۲۴ س	مقام تبریز و طارم بنا کرکے اندرون خیمہ کے گیا او ۵۰۰ سال سکندریہ مین ایک ستون پر تکیہ لگایا کو ناگاہ خیمہ اسکے سر پر گرا مر گیا شمعون عابد اسکے عہد مین ظاہر ہوے
	درددوان	بلاشش	۱۳ س	اسکے عہد سلطنت مین تین سال پانی نہ برسا بعد دعا کرنیکے نزول بارش کا ہوا اور لڑائی اشقانیان مین

ذوالمنارہ ابرہہ ۱۸۳ سال حکمران رہا بعدہ بیٹا اوسکا افریقش ہوا اور ہر دو اپنے لڑکے نے سکندر کے بادشاہی سے انکار کیا تب سکندر نے ملک ملوک طوائف پر تقسیم کر دیا الا مولانا نظامی گنجوی ایک ہی سکندر کی قایل ہین بخلاف مفسرین کے واللہ اعلم بحقائق العام اور اسکندر بروقت غلبۂ ملک فارس پر چاہتا تھا کہ مابقی کو بھی قتل کرے ارسطو وزیر اوسکا مانع آیا اور ۲۰ نفر ملوک باقیہ فارس کو موسوم ملوک طوائف سے کیا اونمین ستی ۵ سال حکمرانی آرو شیر تک رہی اور ملوک طوائف ۹۰ سے زائد خرد و کلان ہو گئے تھے الا اونمین سے اشکانیان اچھے و نامی ہوئے				
بعد اسکندر کے خروج کیا اور حکم بادشاہون کو واسطے لکھنے نام اپنے کی اوپر نام اور بادشاہون کے دیا تھا اور لینا خراج کا معاف کیا چنانچہ ایسا ہی ہوا	۱۲س	اشکان	اشک	۱
یہہ بادشاہ صاحب ہمت و عادل تھا اور ہمیشہ اکتساب فضائل علمی و حکمی مین مصروف رہتا عیسی عم اسکے عہد مین مبعوث ہوئی اور عراق مین نہر نکالی	۴۲س	اشک	شاپور	۲
اسنے بڑا آتشخانہ ترتیب دیا اور لقب اسکا گودرز تھا اور سواد شہر انبار بنا کیا اور ایک موضع مین کہ الحال رومیہ مشہور ہے شہر سنگ سے بنا کیا	۱۱س	شاپور	بہرام	۳
بادشاہ عالی اقتدار و عادل تھا اسکے زمانہ مین ایک جماعت بنی اسرائیل بسبب فور عصیان کی بصورت	۱۵س	بہرام	بلاش	۴

کے اور ہمراہ اپنے چار ہزار آدمی رکھے پس خضر ع م
نے وہان ١٨ روز بسر کیے تب ایک جنگل مین پہونچے
اور متحقق ہوا کہ یہان وہ چشمہ ہے پھر اپنی اصحابون کو
وہان متوقف کر کے آپ تنہا وہان گئے اور وہان
دیکھا کہ فی الحقیقت پانی بہت سفید و شفاف و شیرین
جاری ہے اوسمین سے پانی پیا اور وضو و غسل
بھی کیا اور دو رکعت نماز پڑھی پھر وہان سے پھر کر اپنے
لوگون سے آن ملے اور سکندر راہ اس جنگل کی
بھول گیا اور ۴۰ روز تک تاریکی مین چلا گیا
پھر وہان سے پھرا طرف عراق کے بعدہ اثناے
راہ شہر زوال یا بابل دنصیبین مین مرگیا بعلت خناق
پس جب اسکو عارضہ خناق لاحق ہوا تھا اور اشتداد
مرض کا ہوا اسکے ساتھ کی حکماء نے اس سے کہا کہ تو نہین
مریگا الا اوپر زمین آہنی اور سقف زرین کی پس جب
اسکو رعاف ہونا شروع ہوا یہانتک کہ سواری سے
گر پڑا تب اوسکا چلتہ آہنی زمین پر بچھا دیا اور سپر
سو یا اور واسطے ازالۂ تمازت آفتاب کے سایہ اوسکی سپر
زرین کا کیا تب اسنے یہہ حال دیکھکر یقیناً جانا کہ
موت آن پہونچی پھر بعد وفات اسکی نعش کو اسکی
ماں کے پاس اسکندریہ مین لے گئے تابوت زرین
و مرصع [illegible] اور زمین مصر مین مدفون کیا اور اسکا احوال
بہت سا [illegible] اوسمین سے ہمنے نقشۂ ابتدائی
عالم [illegible] ہے اور بعد وفات سکندر کے اسکا بیٹا

حضرت آدم کا تھا جو کہ جواہر سے بنایا گیا تھا اور اخبار الدول
والآثار الاول مین حال اس سکندر زمانہ ان جمیری مین کا جو معاصر
ابراہیم عم کا تھا یون لکھا ہے کہ عمر بن مرشد بن شداد
بن عاد جو کہ مرشد اوپر ہود عم کے مخفی ایمان لایا تھا
جبکہ بعد فوت اپنے باپ مرشد کی عمر بھی مومن مخفی رہا او
مدت اسکی سلطنت ۱۲۵ سال ہوئی چنانچہ اسکو بسبب وفور
عقل فیلسوف کہنے لگے پس اسنے ساتھ ایک عورت جو قبیلہ غسان
سے تھی شادی کرلی وہ عورت اویزدین روم کی تھی پس اسی
عورت سے لڑکا پیدا ہوا نام اوسکا سکندر ذوالقرنین رکھا گیا
پھر اسکے باپ کو حضرت شا نے ہلاک کیا تب یہہ وسادہ آرائے
سلطنت ہوا اور شریعت ابراہیم عم پر تھا اور ذوالقرنین
اس سبب سے کہلایا کہ اوسکے دو زلف کہ اوسکو قرنین کہتے ہین
تھین اور بعضون نے کہا کہ کریم الطرفین طرف والدین سے تھا
اور خضر عم بھی اسکے وزیر تھے پس جسوقت یہہ بادشاہ طرف
مشرق کے گیا وہان ایک شہر دیکھا خراب و ویران
معلوم ہوا کہ یاجوج و ماجوج نے خراب کردیا ہے تب وہان
واسطے محفوظی خلائق کی ایک سد آہن و مس کی بہت مستحکم
درمیان دو پہاڑ مقابل کے بنوائی ارتفاع اوسکا ۲۵ گز تھا اور
۱۰۰ فرسخ کی طول مین ۵۰ فرسخ عرض پھر وہان سے طرف
ملک شام و خراسان کے گیا پھر وہان سے قصد ظلمات کا کہ وہان
چشمہ خلد کا جاری ہے جو کوئی اوسکا پانی پی لیوے
حیات ابدی پاوے وہان طلوع شمس کا نہین ہوتا ہے
پس خضر عم کو مقدمۃ الجیش مقرر کیا کہ معہ دو ہزار آدم

				لڑائی کی اور معنی بہمن کے عربی مین حسن نیت کی ہین
۷	ہما بنت بہمن یا جمانی		۳۲ س	مکان ہزار ستون اصطخر کا اوسنے بنایا اور شہر جربادقان اسکا اباد کیا ہوا ہے اور نکاح مین اپنے باپ کے تھی
۸	داراب اکبر ابن ہما یا جمانی	بہمن	۱۲ س	تھوڑی مدت مین بہت ملکونکو اپنا مطیع کیا اور ہزار بیضہ طلائی کہ ہر بیضہ وزن مین چالیس مثقال کے ہووے جزیہ اوپر فیلقوس بادشاہ روم کے مقرر کیا اور مخدرہ فیلقوس کو ایران مین لایا بعدہ بسبب گندہ دہنی پھر روم کو بھیجدیا اسکے حمل فیصر اسکندر کا تھا اور افلاطون الہی حکیم اسکے عہد مین تھا۔
۹	دارا	داراب اکبر	۱۴ س	اسکندر بادشاہ سے مقام نصیبین مین ایک سال تک لڑکر مارا گیا اور یہ واقعہ اہم سنہ ۵۲۰ بعد ہبوط آدم کے واقع ہوا بادشاہ ظالم تھا۔
۱۰	اسکندر رومی	فیلقوس	۱۴ س و بروایتی ۳ س	بادشاہ روے زمین کا تھا اور شاگرد ارسطو حکیم کا بعد موسیٰ ع م کے اور اسنے ۷۰ ہزار اشراف قتل کئے اسکو ذوالقرنین اصغر کہتے ہین اور حکمت اسکے وقت مین بہت مروج ہوا اور اسکندر نے سنہ ۲۷۶۴ بعد ہبوط آدم کے جلوس کامل کیا تھا بعمر ۱۹ سال اور بعمر ۲۰ سال کے مالک ہفت اقلیم کا ہوکر بعمر ۳۶ سال راہی ملک بقا ہوا اور لغت یونانی مین معنی سکندر کے محب الحکمت ہین اور اسکندر کو بادشاہ ہند نے ہنگام آنے ہند مین ایک قدح نادر دیا تھا کہ اوس سے اوسکا ہمراہ لشکر پانی پیوے اور وہ ویسی ہی بھرا رہے پیالہ

نمبر	نام	باپ	مدت	کیفیت
				اور بعد فوت بخت نصر کے جوکہ مسخ بھی ہوا تھا اولاق اوسکا بیٹا ایک برس کو حکمران ہوکر مارا گیا بعدہ اسکا بیٹا بلطاس دو سال وسادہ آرا رہکر مقتول ہوا فقط
۵	کشتاسپ یا کشتاسپ	لہراسپ	۱۲۰ س	دین زردشت اسنے اختیار کیا اور زردشت ایک حکیم تھا ابتداے حال مین شاگردی تلامذہ ارمیا پیغمبر کی کرتا تھا علوم غریبہ سیکھے آخر باغوای شیطان اپنی تئین پیغمبر بناکر خلق کو دین مجوسی مین دعوت کرتا تھا اور کیش آتش پرستی کو رواج دیا کشتاسپ سنے سعی اپنے بیٹے اسفندیار سے اس مذہب مین اکر ۲۰۰۰ پوست گاو کو دباغت دیگر مزخرفات نامقبول نتایج طبع زردشت کو سونے وچاندی کے پانی سے لکھوا کر ایک کتاب زند طیار کی تھی اور بخت نصر کو بسبب تخریب بلاد وقتل عباد معزول کرکے بجاے اوسکے کورس کو مقرر کیا اور کتاب مذکور مین حلت شرب خمر وآتش پرستی وتزویج ام واخت وبنت جائز لکھی تھی اور اسفندیار نے لاکھون فوج لیکر یونان پر یورش کی اور نزدیک پہنچے تاکہ پر یونان کے بادشاہ فی آفی واس نے صرف تین سو آدمی سے مقابلہ کیا اور سب فوج ایرانی کو ہٹا دیا اور لاشون کا تودہ لگ گیا اور اسفندیار اپنے باپ کی زندگی مین راہی ملک عدم ہوا
۶	بہمن درازدست یا کی اردشیر	اسفندیار	۱۱۲ س	ساتون ولایت کا بادشاہ ہوا اسی واسطے اسکو درازدست اور آردشیر بھی کہتے ہین اور نام خدا کا پہلے اسنے ابتداے مکتوب مین لکھا وثبت کیا اور لاکھہ مقاتل وسپہ…

نمبر	نام	والد	مدت	کیفیت
				اوسکے وقت مین وسموئیل والیسع الیاس وخرقیل نبی تھو
۲	کیکاوس	کیقباد	۱۵۰س	یہہ بادشاہ نیک طینت تھا مگر متلون مزاج اور بعضے کہتے ہین کہ الیاس والیسع واسموئیل وخرقیل ع م اسکے زمانہ دولت مین مبعوث ہوی اسنے ملت انکی قبول کی اور دار الملک اسکا اصفہان تھا اور اسکا بیٹا سیاوش تھا کہ اسکو اسنے رستم سجستانی کو واسطے پرورش وتربیت کے سپرد کیا تھا اور ایک مکان ہوا دار معلق اسنے بنایا تھا اوسکو صرح کہتے ہین
۳	کیخسرو	سیاوش	۶۰س	یہہ بادشاہ بہت عادل وعاقل تھا اور ایک مسجد محرابی بناکر اسے ساتھہ رکھتا تھا اوسمین سفر وحضر مین عبادت کرتا اور لقمان حکیم اسکے عہد مین تھا اور سلیمان ع م بھی
۴	کی لہراسپ	اورند	۱۲۰س	اس بادشاہ نے سونے کا تخت مرصع طیار کروایا اور بلخ کو دار الملک کیا اور ہند اور چین کی سلاطین اوسکے تابع ہوئے اور کودرز کو کہ بعضے اوسکو بخت نصر کہتے ہین ایالت اہواز وروم وعراق وعجم پر مقرر کیا اور جواہر العلوم مین مرقوم ہے کہ بنائے شہر ہرات کی ابتداءً اسی بادشاہ سے ہوی ہے ع لہراسپ نہاد ہست ہری را بنیاد ٭ گشتاسپ دران بنائے دیگر بنہاد ٭ بہمن پس ازان عمارتے دیگر کرد ٭ اسکندر رومیش ہمہ داد بباد ٭ اور وجہ تسمیہ بخت نصر کی یہہ ہے کہ اخبار الدول والآثار الاول مین لکھا ہے کہ ایک صنم جسکا نام نصر تھا اوسکے پاس اسکو اسکی کتیا یعنی مادہ سگ جسے بخت کہتے تھے دودہ پلاتی تھی اور والدین اولاس حال سے بیخبر رہے نہ مطلع ہوئے واللہ اعلم بالصواب

نمبر	نام	والد	مدت	کیفیت
				فریدون نبی کی ہے اور بیٹا اسکا کہ ایرج نام تھا سلم و تور سکے ہاتھہ سے مقتول ہوا اور دو نون بیٹون کا نام جو سلم و تور لکھا ہے پس نام اونکا شرم و طوج تھا اسنے ملک عراق ہند و حجاز ایرج کو دیا اور روم و بلاد شام و مصر و مغرب شرم کو اور ملک چین و ترک و مشرق طوج کو دیا اور اسکے ۴۰۰ برس ایام حکومت کی قبل ابراہیم خلیل السلام ظاہر ہوی تھی
۷	منوچہر	ایرج	۱۲۰ س	اسنے رسوم بد اور قوانین ظلم کو باطل کیا اور عدل کا رواج دیا اور ایرج کا نام اصلی ایران تھا کہ ملک ایران اسکے نام سے آباد ہوا اور موسی علیہ السلام اسکے عہد مین سے تھے
۸	نودر	منوچہر	۷ س	منوچہر کا ولیعہد تھا اسکے وقت مین سلطنت بہت ضعیف ہوگئی پوشنگ بادشاہ ترکستان نے اسکو قید کرلیا
۹	افراسیاب ترکی	پشنگ	۱۲ س	سنہ ۲۲۶۴ بعد ہبوط آدم ملک ایران لیکر خوب عدل و داد کیا بعدہ اپنے ملک کو چلا گیا پھر ہدم قواعد دین و مبانی عدل کو نقض کرکے ظلم و تعدی اوسکی سرحد افراط کو پہونچی اور زاب بادشاہ نے لشکر افراسیاب پر فتح پائی اور قحط عظیم واقع ہوا مدت سلطنت زاب کی ۳۰ سال تھی
۱۰	تور	طہماسپ	۵ س	بشمول سلم ہاتھہ منوچہر بادشاہ سے ہلاک ہوا
۱۱	گرشاسپ	تور	۶ س	بقول بعضے ۹ سال سلطنت کی اور سلطنت پیشدادیان منتہی ہوی
۱	کیقباد	زاب	۱۲۰ س	نوذر ابن منوچہر کی اولاد سے تھا اول کیانیون مین یہی بادشاہ ہوا اور رستم دستان اوسکا سپہ سالار تھا اور دسوان حصہ پیداوار زمین محصول سرکاری اسنے مقرر کیا اور کئی لغت پہلوی مین جبار کو کہتے ہین اسنے سنہ ۲۴۹۱ بعد ہبوط آدم سکے جہانداری کی اور دارالملک بلخ مین تھا اور

نمبر	نام	نام پدر	مدت		کیفیت
					ہا ے اسکے پاس رہتا تھا اور جام جہان نما اسکا مشہور عالم ہے اور استخراج حریر کا کیڑون سے تعلیم جن جو اسکے مسخر تھے کیا اور نوروز مقرر کیا اسکی دعا سے ۳۰۰ سال تک موت و مرض و درم و شیب خلائق کو نہوا اور جمہور خلائق کو چار قسم پر تقسیم کیا علما ارباب قلم سپاہ و حشم ارباب حرث و زراعت اصحاب پیشہ و حرفت اور شراب کا نام شاہ دارو رکھا تھا عمر ۱۰۰۰ سال ۲۱ سنہ بعد ہبوط آدم ہاتھ ضحاک برادر زادہ شداد سے انہزام پایا اسنے آرہ سے دو نیم کیا اور ہود عم اسکی ابتداے سلطنت مین مبعوث ہوئے فقط
۵	ضحاک نبورسپ	علوان یا اور بند اسپ	۱۰۰۰ س		وقت ولادت شکم مادر سے ہنستا تھا اور مع دندان پیدا ہوا اس سبب سے ضحاک کہلایا حضرت ابراہیم عم اسکے عہد مین مبعوث ہوئے اور تازیانہ مارنا و دار پر کھینچنا اسیکے وقت مین ہوا او شداد عاد اسکے عہد مین ہلاک ہوا
۶	فریدون	اثقیان	۵۰۰ س		جمشید بادشاہ کا پوتا تھا اور ضحاک نے جو کچھ مال لوگون کا غصب لیا تھا اسے پھیر دیا طلسم کژدم کا اسی سے ہے اور اسنے اول احاطہ بیت المقدس کا بنوا کر وہین ساکن ہوا اور مومن ہوا تھا دعوت ہود عم سے اور اسنے کاوہ اصفہانی کو سپہ سالار کیا تھا اور کاوہ نے پارہ چرم سی چوب پر لگا کر ہنگام حرب کی ساتھ رکھتا تھا کہ نام اوسکا درفش کاویانی مشہور ہوا اور یہ درفش کاویانی خلافت حضرت عمر رض جنگ قادسیہ مین لشکر اسلام کے ہاتھ آئے اور اول سواری فیل پر اسی بادشاہ

					پہچان کے کہا بلخ اس سبب سے تخفیف اوس شہر کو بلخ کہتے ہین عمر ۱۰۰۰ سال کی تھی اور جب اولاد آدم سے ہوئی حتی کہ چالیس ہزار تک پہونچی تب انہون نے دو اول شیث دوسرے کیومرث کو مستثنا کیا پس شیث کو واسطے حفظ امور دین و آخرۃ کی مقرر کیا اور ۴ صحیفہ دئے اور کیومرث واسطے حفاظت دنیا امور دنیا کے ولیعہد کر دیا اور اوسکا لڑکا مشی اور لڑکی مشیانہ تھی ۷۰ برس تک اون دونون کے اولاد نہوئی بعدہ ۱۸ بچے پیدا ہوئے عرصہ ۵۰ سال مین اور بعد فوت مشی و مشیانہ کے ۴۹ سال دنیا بغیر بادشاہی اور کیومرث کی مرنے سے ہوشنج کی بادشاہ ہونے تک ۲۹۴ سال دنیا بے حاکم رہی فقط
۲	ہوشنگ	بن سیامک فروال	۷ برس		اہل فارس اسکو نبی بھی کہتے ہین اور بہت سی چیزین مثل وضع کرنا خراج کا و تخت نشینی و گور و رو با دیوین دکنون کو شکاری بنانا اسنے کیا نبیرہ کیومرث کا تھا و لوہا پتھر سے نکال کر اسلحہ بنائے او شہر سوس و بابل و کوفہ بنا کیا عہد مین حضرت آدم ع م کے تھا فقط
۳	طہمورث	ہوشنگ	۳۰ برس		مرض الموت مین جمشید کو اپنا ولیعہد کیا اور خط فارسی ایجاد کیا اور اوسکو دیوبند بھی کہتے ہین کہ دیو ذلکو مسخر کیا تھا والی شہر بابل وغیرہ کا ہے اور سنت جنوم بسبب وقوع قحط اسی کے زمانہ مین ظاہر ہوئی اور اسکے عہد مین ابتدائے کشن راجہ ہوا عمر اس بادشاہ کی ۱۰۰۰ سال کی تھی
۴	جمشید	طہمورث	۷۰۰ برس		بڑا بادشاہ تھا اور شراب اسنے ایجاد کی اور حکیم فیثاغورث

عدد	نام بادشاه	نام پدر			کیفیت
۴۴	ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ	محمد اکبر شاہ			تاحال کہ ۱۲۶۹ھ ہین وسادہ آرای حکومت اگرچہ بعملداری انگریز بہادر کی تمامی ممالک ہین ہے الا مرتبہ بزرگ کردہ ہای ایزدی مین فرق نہین اور تخمیناً بجمیع الوجوہ ۱۲ لاکہہ روپیہ سالانہ پاتی ہین فقط اور لفظ ابو ظفر سے تاریخ ولادت نکلتی ہی باقی حال خاندان عالیہ تیموریہ کا کتب سیر مین موجود اور تحجیہ سینے بہی اپنی تاریخ انکشاف المخلوق مین لکہا ہے فقط

۵۳	نقشہ بادشاہان عجم سلام متعلقہ ملک فارس کہ بمدت ۴۲۳۹ سال بچہار طبقہ القضا یافتہ اجمالاً

عدد	نام بادشاه	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	کیومرث		۳۰ س یا ۴۰ س	اولاد یافث بن نوح سے تہا او برادر شیث کا اور بہت شہر اسنے آباد کیے بادشاہ نخستین عالم کا ہی اور آئین سلطنت کا بانی اور زبان سریانی مین اسکے معنی زندہ گویا اور ابتدای سلطنت پیشدادیان کہ معنی اسکے اول سیرت عدل مین ۲۲۴۴ بعد ہبوط ادم ہی یہہ شخص مقدم اسکا ہی بالکہ باتفاق ائمہ تواریخ کیومرث بادشاہ نخستین ہے کہ بساط معدلت و احسان ابسیط ربع مسکون مین بچہائی اسکا بیٹا تہا سیامک نام اور تدموی یوم اسی کی وقت مین شائع ہوئی و بد آوازی خروس سر کاٹنا اوسکا اوس ہی سی بہی عمل مین کیومرث کی ہوا اور جب کہ منزل دیوؤن مین پہونچا اور محاربہ کرکی بعضون کو منہزم اور بعضون کو ہلاک کیا اور نہوڑونکو مسخر کرکے کارہای دشوار مین مشغول کیا اور وہان ایک شہر بنا کیا جب کہ اسکا بھائی وہان پہونچا پہلے گمان جاسوسی کا اوسپر کیا بعد اوسکے وسکو

نمبر	نام	پدر	مدت سلطنت	سنہ	کیفیت
۳۹	عزیز الدین عالمگیر ثانی	معز الدین جہاندار شاہ	۵ س ۷ م	۱۱۷۳	بر تعیہ دوم ۱۱۷۳ھ مین احمد شاہ دہلی مین آیا اور بھاؤ نے سقف قلعہ کو توڑا اور سال ۴۳ ھ جلوس مین مینا بازار کمال خوبی کی ساتھہ آراستہ کی گئی اور بسبب اعمال قبائح مردم مسجد چوبی قلعہ آرکہ مین آگ لگ گئی صندوقچہ موی مبارک حضرت ختم المرسلین صلعم وغیرہ تبرکات کا صدمہ آتش سے محفوظ رہکر صعود طرف آسمان کی کرکے چشم مردم دنیا سے غائب ہو گیا مقولہ بعضے ثقات اوسوقت کا ہے کہ سوا سے نزول صاعقہ آسمان واسطے ارباب عصیان کی دوسری وجہ خاطر او کیا مین نہین آتی ہی ؎ ہر کہرا چون ابر تر شد دامنش ٭ برق آتش خود بخود در خرمنش ٭ اور اسی سال مین رانا اودے پور بہی راہی ملک عدم ہوا بعد اسکے راجہ نول راے نائب صفدر جنگ ہاتھہ احمد خان بنگش سے مارا گیا اور ۱۱۸۸ھ مین حافظ رحمت خان لڑائی نواب شجاع الدولہ بہادر مین بضرب گولہ توپ مارا گیا اسی اثنا مین شجاع الدولہ بہادر نے تہوڑا ملک جو قریب شاہجہان آباد و اکبر آباد کی تہا ذو الفقار الدولہ نجف خان کو دیا
۴۰	جلال الدین سلطان عالی گوہر	عالمگیر ثانی	۴۳ س ۴ م	۱۲۲۱	۱۵ ستمبر ۱۸۰۳ع مطابق ۱۲۱۹ھ مین عملداری کمپنی انگریز بہادر کی ہند مین آئی اور ۱۲ لاکھہ روپیہ سالانہ مقرر ہوا واسطے بادشاہ دہلی کے
۴۱	محمد معین الدین اکبر شاہ	شاہ عالم	۳۱ س ۹ م	۱۲۵۳	مرض استسقا مین وفات پائی اور عرش آرامگاہ لقب ہوا

| ۳۸ | احمد شاہ بہادرشاہ | محمد شاہ | ۶ س ۴ م | | | ۱۱۶۷ | مرتبہ اول ۱۱۶۱ھ مین احمد شاہ درانی دہلی مین آیا
ابوالمنصور خان صفدر جنگ کو ناظم صوبہ
اودہ وکشمیر وخدمت میرآتشی مرحمت ہوئی اور
بعد فتحیابی اوپر احمد شاہ درانی کے مراسم جشن
کے ادا کیے گئے اور آصف جاہ قمر الدین خان
نے بعمر ۹۰ سال کے سوادِ برہان پور مین رحلت کی
اور نظام الدولہ ناصر جنگ پسر دومی
آصف جاہ کو ہر شش صوبہ دکن مستقل مرحمت ہوے
اور ہادی علیخان خواہر زادہ کہ داروغہ فیل خانہ
فردوس آرامگاہ وتربیت خان نامی مرتضی خان
ارکین سلطنت سے مع مرید خان کے رحلت کی
وقد اجاد القائل لا افض فوہ ے دنیا خواب بیست
کش عدم تعبیر است ٭ صید اجل است گرجوان وپیر است
ہم روی زمین پرست وہم زیر زمین ٭ این صفحہ خاک
مردو رو تصویر است ٭ بعدہ ۱۱۶۳ ہجری حکیم
علوی خان بہادر بعمر ۹۵ سالکی روانہ ملک
بقا ہوا الحبا بت از جہان رفت یہہ مادہ
تاریخ وفات اس فلاطون زمان کا ہے اور سال ۲
جلوسی مین محاربہ فیمابین شیخ قطب الدین
علی خان وحافظ رحمت خان روہیلہ
واقع ہوا اور شیخ مذکور مقتول ہوا اور روا ئل غالب
آسے اور زلزلہ عظیم شاہجہان آباد اور اوسکے مضافات
مین واقع ہوا تھا کہ بہت آدمی ہلاک ہوگئے |

که دماغی نمانده است ؛ کمند بگو بیش اثر نمی بندد ؛
چونی کسی ز صد جا کمر نمی بندد ؎ سر شکم کم
نمیگردد بسعی چشم تر بستن ؛ که نتوان شد ره سیلاب
را مانع ز دربستن ؛ ندی آسودگی انجام صید لاغر ما را
ز تار عجز باید رشته بر بال و پر بستن ؎ اگر پیدا
نمی شد دانهٔ دل ؛ دو عالم مزرعهٔ بیحاصلی بود ؛
اور سنہ ۱۱۶۱ھ سال ۳۰ جلوسی مین نادر شاه نے
مقتولاً وفات پائی اور احمد شاه درانی نے ساتھ
مرزا احمد خلف فردوس آرامگاه کے مقابله
کرکے ہزیمت پائی یہ معرکه بہت صعب ہوا تھا
فقد جاد القائل ؎ زمانه شور محشر عرض میکرد ؛
زمین از چرخ وسعت قرض میکرد ؛ چنان از
جوش لشکر قحط جا بود ؛ که نقش سایه بر دوش ہوا
بود ؛ اگر سیماب بارید سے ز باران ؛ بماند سے
بر سنان نیزه داران ؛ شروع سال ۳۱ جلوسی مین
مزاج فردوس آرامگاه حد اعتدال سے بامرض
اسہال وغیره تجاوز کیا و حکماے حاذق مثل
علوی خان بہادر و نواب علی نقی خان
بہادر وغیره که رب النوع ہر دیار کے تھے معالجه و
مداوا سے عاجز آئے آخرش روح بادشاه روانهٔ
فردوس ہوئی ؎ بدنیا دل نه بندد ہر که مرد است ؛
که دنیا سرای ودود درد است ؛ ہر دیار سے بگورستان
نظر کن ؛ که این دنیا حریفان را چه کرد است ؛

شآمت اعمال مردم صورت نادرگرفت بنادرشاہ
بروفق استماع اس کلمہ کے سخت اپنے دلمین
غضبناک ہوا تھا اور حکیم حاذق دوران علوی خان
کئی مرتبہ معالجہ نادرشاہ کا حسب الحکم او سکے
کرکے فائز المرام ہوئے تھے اور نواب امیر خان
عالی ہمم سراپا کرم بھی انکے عہد مین تھے چنانچہ
سوائے حال مرقومہ بالا اور حکایات وحالات
دلچسپ اونکے آویزہ گوش روزگار کے ہین اور
راجہ جی سنگہہ نے رصد منجمی معرہ راجہ
بکرماجیت کو نسخ کرکے بصرف ۲ لاکھ روپیہ
دوسری رصد بنواکر بنام نامی اس بادشاہ کے
موسوم کیا اور علماے ہاندنی بحکم راجہ مذکور
شرح چغمنی وغیرہ کتب الہیہ وہندسہ کو عربی
سے ہندی مین ترجمہ کیا تھا اور سنہ ۱۱۵۹ھ مین عمدۃ الملک
امیر خان بایماے بادشاہ ہاتھ اپنے ملازمون کے
بزخم کٹار روانہ ملک عدم ہوا الاتفاق اسکا بھی اوسی
جگہہ مارا گیا غم عمدہ مادہ تاریخ فوت امیر خان لکہا گیا
غرض کہ عمدۃ الملک حدیقہ کمالات وگلدستہ اخلاق
انسانی تھا اور علم موسیقی مین بھی وحید اور
انجام تخلص کرتا تھا اشعار ہذا اوسی کی طبع سے ہین
؎ من از جمعیت آسودگان خاک دانستیم ٭ کہ
غیر از خشت بہر خواب راحت نیست بالینے ٭
مارا ہوای گلشن و باغی نماندہ است ٭ ای بوی گل برو

سے ملاقات کی عمدۃ الملک امیر خان نی پیالہ قہوہ کا طیار
کر کے حضور مین دونو بادشاہ کے لایا اور اپنے دلمین تامل
کیا و سوچا کہ اگر اول فردوس آرامگاہ کی روبرو لیجاتا ہون تو
وسوسہ برہمی مزاج نادرشاہ اظہر و اگر حضور مین نادرشاہ کی
اول پیش کرتا ہون تو حق آقائی اور نوکری ہاتھہ سی جاتا ہی
اسواسطے اول پیالہ مذکور حضور مین محمد شاہ کی گذران کر
عرض کیا کہ آنحضرت شہنشاہ کو دیوین برفق اسکے
آنحضرت نی پیالہ امیر خان کے ہاتھہ سے لیکر نادرشاہ کو
دیا اس حرکت سنجیدہ و فہمیدہ عمدۃ الملک امیر خان سے
دونو بادشاہ خوش ہوئے کہ ادب آقا کا ہاتھہ سی ندیکر نادرشاہ کو
بھی خشنود رکھا بعد اسکے محمد شاہ نی ابو المنصور خان صفدر جنگ
خواہرزادہ و داماد سعادت خان برہان الملک کو خلعت
و فرمان نظامت اودہ پر سرفراز کیا اور سال ۲۲ جلوس میں
موتمن الدولہ اسحق خان کہ مرزا غلام علی نام رکھتا تھا اور دیوان
خالصہ شریف کا تھا راہی ملک بقا ہوا نقل ہی کہ جب قشون
نادرشاہی قتل عام شاہجہان آباد سی فارغ ہو کر مشغول تحصیل
زر مصادرہ کی تھا عبد الباقی خان ایک وزرای نادرشاہی نی
بر سبیل شکایت موتمن الدولہ سے کہا کہ مردم شاہجہان آباد پھر
قتل عام چاہتے ہین موتمن الدولہ نی فی الفور جواب دیا ۔
کسی نماندہ کہ دیگر بتیغ ناز کشی ؛ مگر تو زندہ کنی خلق را و باز کشی ؛
اسی نمط پر اسکے نکات و لطائف بہت ہین اور یہ بھی اسکا کلام ہے
ع زبس کہ در دل تنگم خیال آن گل بود ؛ نفیر خواب من شب عندلیب بود
خدا کند کہ گرفتار ناز خویش شود ؛ کسی کہ آفت صبر منش تغافل بود

قزلباشیہ مین مبادرت کرکے مردمان مغول ہلاک کیا و اسپ
و یراق اونکا سے بھاگے نادر شاہ نی باستماع اس حال کی کمال
غضب مین ہوکر اور لباس سقرلات سرخ پہن کر شمشیر نیام سی
نکال کر ۱۱ ذی الحجہ سال مرقوم کو علی الصباح قلعہ سے
باہر آکے مسجد روشن الدولہ مین اجلاس کرکے حکم قتل عام کا
نافذ کیا برطبق اسکے قزلباش و ترکمان و انشار و ترکی و قلماق و
غیرہم نے جسطرف کہ رخ کیا لاشون کو اوپر لاشون کی ڈھیر کر دیا
اور جوی خون کی کوچہ و بازار مین روان کر دی حتی کہ زیادہ ہزار
آدمی سے مقتول و علف تیغ بیدریغ ہوئے دو پہر تک یہہ حال رہا
تب نظام الملک فتح جنگ و اعتماد الدولہ قمر الدین خان نی سر برہنہ
کرکے اور زانو مار کر بالحاح تمام حکم امان کا چاہا نادر شاہ حکم امان دیکر
داخل قلعہ ارک ہوا نسقچیون نے ہر کوچہ و بازار مین دوڑ کر اعلام
حکم کا کیا جو نفاذ حکم اوسکا اقصی غایت کو تھا بعد اسکے
کوئی مجال نرکھتا تھا کہ اس بدعت پر مبادرت کرتا بعدہ بسبب
مجادلہ کرنے سید نثار خان داماد اعتماد الدولہ قمر الدین خان
و راہی مان ناظر و شہسوار خان و اعز خان و اسطے حفظ ناموس
اپنے ساتھہ مغول کے معرفت اعتماد الدولہ طلب کرکے نثار خان کو
خفیہ اور دونکو باستثنای اعز خان قتل کروایا بعدہ نقد و جواہر مع
تخت طاوسی و کارخانجات بادشاہی اپنی تصرف مین لایا
الا زر نقد بیگمات بادشاہی سے مزاحمت نکی بعضے ہم کرور روپیہ
مع نقد و جواہر و بعضے ۶۰ کرور روپیہ و بعضے ۸۰ کرور روپیہ قرار
دیتے ہین جو کہ نادر شاہ لے گیا الغیب عند اللہ العالم نقل ہے
جس روز کہ نادر شاہ نے ارک دار الخلافہ شاہجہان آباد مین محمد شاہ

میرسد نماید دربن باب شقہ خاص اعلے حضرت نیز
باقدیم الخدمت صادر شدہ حسب الارقام بعمل آردہ
مارا متوجہ حال خود شناسد دربناب تاکید دانند تحریر
فی التاریخ ۱۷ ذیقعدہ **نقل شقہ محمد شاہ بدستخط خاص**
قدیم الخدمت من برہان الملک وطہماسپ خان بہادر
سع منشور نظامت کہ بنام آن قدیم الخدمت از پیشگاہ
شہنشاہ صادر شد می رسید باید کہ کلید کارخانجات را
حوالہ سرداد رسازد و حراست سلاطین ذمۂ خود داندو
قاعہ را نیز لطویابنا دارد دربناب ــــــ عتعن بلیغ
وتاکید شدید شناسد فقط چنانچہ حسب فحوائے فرمان
وشقہ عمل مین آیا آخر الامر برہان الملک وکیل مطلق
وصاحب اختیار کل سلطنت ہندوستان ہوکر شہر
ذی الحجہ ۱۱۵۱ھ مین روانہ ملک عادم ہوا علی قلی خان والہ
داغستانی نے اسکے غرامین کہا ہی ؎ دور از تو سپہر واژگون
میگرید ۔ بنگر کہ زمانہ بی توچون میگرید ؛ رفتی زجہان
وپشت شمشیر شکست ؛ باقامت خم ہمیشہ خون میگرید
واضح ہو کہ سعادت خان برہان الملک مسمی میر محمد امین
سادات موسوی نیشاپوری سے تہااب کچہہ حال قتل عام
دہلی کا لکہا جاتا ہے جب کہ دو روز نادر شاہی سے
گذرے تہے بعضے مردم کوتہ اندیش خانہ برانداز دار الخلافہ نے
اشتہار دیا کہ نادرشاہ کو قاعہ ارک مین کنیزان ترکی و
غلامان حبشی نے بضرب گولہ تفنگ مارڈالا اثر فوق شیوع
اس خبر کے اکثر سکنائے دار الخلافہ نے قتل وتاراج فوج

بعضے معتمدان فردوس آرامگاہ کی تعیین کیا تاکہ بحفاظت
شایستہ سواری بیگمات بادشاہی کو ہمراہ اپنی لاکر متصل خیام
اعلی حضرت کی قیام خیام کیا جائے بعد اسکے نادرشاہ نے
برہان الملک وطہماسپ خان جلایر کو کہ مقدمۃ الجیش
اوسکا تھا مع فرمان نظامت دارالخلافت شاہجہان آباد
بمہر خود وشقہ فردوس آرامگاہ محمد شاہ موافق مضمون یرلیغ
بنام شمس الدولہ روانہ کیا نقل فرمان نادرشاہ عالیجاہ
لطف اللہ خان صادق بہادر امیدوار مراحم بادشاہانہ
بودہ معلوم نماید کہ آن رفیع الشان منیع المکان را از
امرای قدیم دولت تیموریہ ومعتمدان جاہ گہر رکابیہ آنستہ
نظامت دارالخلافت شاہجہان آباد کہ معظم دیار ہندوستان
است وحرم سرای اشرف سلاطین روے زمین
سرفراز فرمودیم وحسن نیکو خدمتی وجواہر امانت ودیانت
پرستی آن سرگروہ نوئینان عالیمقدار از گزارش عقیدت
گزین راسخ الاعتقاد والامنزلت عالی مراتب برہان الملک
بہادر جنگ کہ بحضور خاکپایہا نمودہ بود مستحسن وقبول
افتاد باید کہ آن رفیع القدر سکنہ آن شہر را دلاسا نماید
وامیدوار دولت خداداد ساززد و نوعی بکار پرداز د کہ رعایا
وبرایا بآسودگی بسر برند وزبردست وزیردست وزیر دولت مساعی
مانند نشود کہ قادر عاجز غلبہ آرد وضبط کارخانجات
آستان بادشاہی وحراست سلاطین ذمہ خود شناسد
خبر شرط ہست وکلید قلعہ مبارک با جمیع کارخانجات
حوالہ طہماسپ خان سردار کہ ہمپاے برہان الملک

مرزا نصر اللہ خان لڑکے اپنے کو تا ایک کروہ واسطے
استقبال کے بھیجا محمد شاہ نے عند الملاقات اوسکو گود مین لیا
اور سر و آنکھون کو بوسہ دیا مرزا بھی آداب بجا لاکر موافق حکم
بادشاہ گھوڑے پر چڑھکر عقب تخت کے روانہ ہوا جب سواری
نزدیک خیمے کی پہونچی نادر شاہ نے بیچ تا سراپردہ استقبال
کیا اور مسند پر بٹھایا اور بکمال ادب سے ہمدوش بیٹھا اول سخن
نادر شاہ نے یہہ کیا کہ فقیر چند مرتبہ نامہ نیاز مصحوب سفیران معزز
روانہ آستان نمود از روابط قدیم کہ فیما بین سلسلہ عالیہ تیموریہ
و شاہان ایران بود یاد دہ نمودہ استمداد جہت دفع افاغنہ لغاو
پیشہ کہ خار راہ مردو دولت بودند کردہ و چند سال منتظر جواب
ماندہ ناچار مایوس گشتہ متحرک این سمت شدہ الامر گزیر از
قواعد اتحاد امرے بیرا مون خاطر نبود اینہمہ تغافل و تکاسل
شایان سلاطین بلند خرد نیست فقط فردوس آرامگاہ نے
جواباً فرمایا کہ تغافل موجب سعادت ملازمت گردید اسباب
انبساط و افر و نشاط متکاثر بادشاہ پر ظاہر ہوا اور فرمایا کہ
حق تعالی سلطنت ہندوستان بہ اعلی حضرت مبارک
و ہمایون فرماید کہ این خلعت بر قامت این دودمان زیبندہ
و بر کوا از حکم اعلی حضرت سرتابی نماید برا‌ے گوشمال او حاضرم مہمان
حضرتم شب ہمین جا استراحت فرمایند و بعد تواضع و تعظیم
قلیان اپنے ہاتھ سے آگے فردوس آرامگاہ کے رکھا اور سوائے
اعلی حضرت کے اور لفظ سے مخاطب نہ کیا بلکہ امرا ہمراہی اپنے کو
تاکید کی کہ سواے اسکے نام سے بک زبان پر لانا امر بیہودہ
کو حضرت امر بعد نادر شاہ نے فوج نخر لباشیہ کو ہمیاے

۱۴۰

ہوا کوئی مرصع جوشن گردیدند لکھتے ہین کہ دو سو ہزار روپیہ جس
روشنی ذی النظیر و الطمعہ الذو النفس مین صرف ہوا و نظام الدولہ
ناصر جنگ کی شادی مین ساٹھ لاکھ روپیہ صرف ہوا و سال ۱۲
جلوس مین امیر حملہ مذکور بالا فوت ہوا و سال ۵ جلوس مین
علی مردان خان سفیر شاہ طہماسپ صفوی بادشاہ ایران ساتھ
تجمل تمام و طمطراق مالا کلام کے [illegible] الدولہ
رستم جنگ راہی ملک بقا ہوا [illegible] تاریخ
رحلت اس امیر کی ہوا و سال ۷ [illegible] شاہ طہماسپ
صفوی والی ایران [illegible] عباس مرزا محمد خان
معہ ہدایا [illegible] سال ۹ [illegible]
[illegible]
[illegible] مراد
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کوچ کرکے ۱۰
[illegible] شاہجہان آباد سے
[illegible] اس حال کے
[illegible] دو سو ہزار سوار
[illegible] شاہجہان آباد سے نکل کر [illegible]
[illegible] الملک بہادر بہادر جنگ
[illegible] جاری ہوا بعد اسکے آنحضرت

من لبستہ ام حنائے قناعت بپائے خویش ٭ اور
سال ۴ جلوسی مین نظام الملک فتح جنگ بعنایت
قلمدان مرصع و چارقب وزارت و منصب نوہزاری
ذات و نوہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ سربلند ہوا اور
سال ۵ جلوسی مین بادشاہ نی نظام الملک فتح جنگ کو خطاب
آصف خان سی ممتاز کیا اور اسی سال عبد اللطیف
درویش روانہ ملک بقا ہوی اور سال ۶ جلوسی مین بجای بوند
برسنے باران بدعای شاہ بھیکہ صاحب با اقتضای سالی
بادشاہ نی بوساطت روشن الدولہ ظفر خان رستم جنگ بہادر
دو ہزار روپیہ بطور نذر کی عنایت فرمائی شاہ صاحب نے
اون روپیہ ہای کشیر شاہی کو اوسیوقت صرف مسکینان
و درماندگان کو کردیا ہے مردان خدا خدا نباشند لیکن
ز خدا جدا نباشند ٭ اور اسی سال مین معز الدولہ
حیدر قلی خان ناصر جنگ بسبب اگ لگنی کی خسخانہ مین
مرگیا اور ملہار راو مرہٹہ نی کہ قوم شیبان و رفقای باجی راو
پسر بالاجی بسناتھہ سی تھا دکن سی مالوہ مین اکر ساتھہ
گردہر بہادر کی مجادلہ کیا اور سال ۱۰ جلوسی مین ۱۲ ربیع الاول
بتقریب نیاز خیر البشر صلعم روشن الدولہ رستم جنگ نے
طیاری ہر قسم طعام النفس و الطف سر حد افراط کو پہونچائی
اور شب کو اہتمام روشنی کا تا فاصلہ بہم کردہ آمادہ مہیا
کیا ہے چراغان گشت رشک افزای انجم ٭ زمین چشمک زنان
با چرخ ہشتم ٭ ہوا شد از چراغان رشک گلشن ٭ وزان
پیرا ہزار چشم روشن ٭ نگہہ از دیدنش مدہوش گردید ٭

ے روشن اختر بود الکنون ماہ شد یوسف از
زندان برآمد شاہ شد ۱ھ درامیرالامراء حسین علیخان
واسطے تنبیہ چھبیلے رام ناگر صوبہ دارالہ آباد
کے گئے آخر کو سنا کہ وہ مرگیا انھین دنون مین
خدمت صدارت کل کی بنام امیر جملہ
خانخانان کے مقرر ہوئی اور سال ۲ جلوسی
مین حسین علیخان ہاتھہ میر حیدر بیگ خان
کاشغری سے مارا گیا اور سال ۷ جلوسی مین
بادشاہ عالم پناہ نے ساتھہ صبیہ فرخ سیر
کے عقد نکاح کا فرمایا اور وہ مخاطب بہ نواب
ملکۂ زمانی ہوئین اور انھین دنون مین شاعر
شہرۂ میرزا عبدالقادر بیدل نے وفات
پائی تاریخ وفات انکی بھی میرزا عبدالقادر
بیدل سے نکلتی ہے اور میرزا موصوف
مردم [illegible] سے تھے اکثر اوقات عظیم آباد پٹنہ
مین رہے دیوان ضخیم و مثنویات مثل محیط
اعظم [illegible] چہار عنصر وانشاء بیدل
[illegible] یادگار ہے اور یہ شخص طرز سخن مین
موجد [illegible] ہے اور استغنا بھی اوس مرتبہ
[illegible] مرتبہ نظام الملک فتح جنگ
نے [illegible] مین ذریعہ نامہ کی طلب کیا
[illegible] ایک غزل جوابا بھیجی کہ جسکا
[illegible] سے دنیا اگر دہند نخیزم زجاے خویش

نمبر	نام	نام والد	مدت سلطنت	سنہ وفات	کیفیت
۲۹	محمد معز الدین خجستہ اختر رفیع الشان ملقب بہادر شاہ	محمد معظم	یک م	۱۱۲۵	بعد جنگ عظیم الشان پر فتحیاب ہو کر تینوں بھائیوں میں نفاق پڑا آخر راہی ملک عدم ہوا
۳۰	خجستہ اختر جہان شاہ	ایضاً	۴ الیوم	۱۱۲۵	جنگ معز الدین میں مارے گئے اور دہلی میں مدفون ہوئے
۳۱	رفیع الشان	ایضاً	۸ یوم	۱۱۲۵	بشرح ایضاً
۳۲	محمد معز الدین جہاندار شاہ	ایضاً	۹م ۲۲ یوم	۱۱۲۵	بعد فوت بمقبرہ ہمایون بادشاہ واقع سواد دہلی میں مدفون ہوا
۳۳	جلال الدین محمد فرخ سیر	عظیم الشان	۶ س ۳ م	۱۱۳۱	بعد اسیری ہاتھ عبد اللہ خان نواب حسین علی خان سادات بارہہ سے کہ صوبہ دار و میر بخشی دکن کے تھے زہر سے ہلاک ہوئے اور دہلی میں مدفون اور میر جملہ نے بنا بر طمع وحسد سادات بارہہ کے زہر دلوایا تھا فقط
۳۴	محمد ابو البرکات سلطان رفیع الدرجات	رفیع الشان	۳م	۱۱۳۱	بسبب مریض ہونے و استعمال کوکنار کے جہان فانی سے رحلت کی
۳۵	شمس الدین	ایضاً	۳م	۱۱۳۱	بشرح صدر اور انکا لقب رفیع الدولہ شاہجہان ثانی تھا
۳۶	سلطان محمد ابراہیم	ایضاً	۵ الیوم	۱۱۳۱	نواح شیر گڈھ میں ساتھ امراے محمد شاہ کے مقابلہ ہوا وفات پائی
۳۷	روشن اختر ابو الفتح محمد شاہ	خجستہ اختر	[illegible] س ۳ م	۱۱۶۱	تاریخ ۲۴ ربیع الاول سنہ ۱۱۱۴ھ میں یہ بادشاہ از بطن مہد علیا نواب قدسیہ بیگم گتی عدم سے عالم وجود میں آکر سنہ ۱۱۳۱ھ بعمر ۱۸ سال کی تخت نشین ہوا کسی نے تاریخ جلوس کی خوب کہی ہے الا اوس تاریخ میں دو عدد زیادہ ہوتے ہیں لیکن بسبب غرابت تاریخ اسقدر تفاوت روا رکھا گیا

ولہ ٭ دوستی ز اخوتست بہم خفتنی ای گل تاسحر
تا زبیر طفیل گفت دیگر کہ تر دامن شدی ٭ اور میرزا
محمد تخلص عالی عہد اس بادشاہ مین خطاب
نعمت خان سے سرفراز ہوکر اور عگی و ...
پر امتیاز پائی علوم عقلی و نقلی سے بہرہ وافی رکھتا تھا
بسبب شائقت لسانی بیجا کے عالمگیر نے اسکو لشکر
سے نکلوا دیا تھا پر مشرب و فیہ و مذہب شیعہ کا
تھا زیب کے ہجو گوئی مین یگانہ تھا ایک شخص نے
براہ خوش طبعی سے کہا کہ تم سزاوار تعظیم کے ہو
اسنے کہا کسطرح جواب دیا کہ تجکو لوگ حاجی
کہتے ہین اسنے جواب دیا کہ مین سعادت حج کی
محروم ہون اوسنے جواب دیا کہ بس حاجی بار ہو
سے ہو گئے یہ بات سنکر خجل ہوا نقل ہے کہ خانہ
خدمت قورنسائی ترتیب النسا بیگم کی بھی انجام دیتا تھا
ایک مرتبہ بیگم صاحبہ نے جیغہ گران بہا خرید کروایا اور
پہنچا کر اسکی قیمت کیا ہی اسنے ایک رباعی لکھکر بھیجی
٭ ای بندگیت سعادت اختر من ٭ در خدمت تو
عرض شدہ جوہر من ٭ گر جیغہ خریدنی است بس گوہر من
ورنیست خریدنی بزن بر سر من ٭ بیگم صاحبہ نے
قیمت اوسکی دیکر وہ جیغہ اوسکے سر مارا فقط
بعد وفات انکے امر خلافت مین اختلاف پڑا
اور موضع بیرونی واقع سواد دہلی مین مدفون ہوئے

تاریخ جدولیہ

اول شاہزادہ محمد سلطان دومی شاہزادہ
محمد معظم وسومی شاہزادہ محمد اعظم
وچارمی شاہزادہ محمد اکبر وپنجمی شاہزادہ محمد
کام بخش اور بنات میں اول زیب النسا
بیگم ودومی زینت النسا بیگم وسومی بدر النسا
بیگم وچارمی مہر النسا بیگم اور مال ومنال
ابو الحسن مذکور سے بعد تاراج ومنصرف ہونیکے
۸۰ لاکھ و ۵۱ ہزار ہون و ۲ کرور و ۵۳
ہزار روپیہ کہ سب ۶ کرور و ۸۰ لاکھ و ۱۰ ہزار
روپیہ سواے جواہر مرصع طلا ونقرہ داخل سرکار
بادشاہی ہوا اور بابت جمع دامی حیدرآباد
کو ایک رب و ۱۵ کرور و ۱۷ لاکھ دفتر شاہی میں
لکھا گیا اور حکیم سرمد جو ابتداے حال میں
یہودی تھا وتوریت وانجیل پڑھتا تھا بعد اسکے
مشرف اسلام میں ہوا اور اکثر علوم میں مہارت
تمام پیدا کرکے جامع فنون عجیبہ وغریبہ کا ہوا اور
ہند ولایت سے آکر ایک ہندو کے لڑکے پر عاشق ہوا
اور اوسکو بابا کہتا تھا الا اسوقت میں مکشوف العورت
تھا وبھی کلمات خلاف شرع کے کہتا اسواسطے
ابتداے جلوس عالمگیری میں بفتواے
علماے زمان قتل ہوا جب کہ اسکے قتل گاہ میں
لیگئے یہ بیت پڑھی ؎ سر جدا کرد از تنم شوخے
کہ با من یار بود قصہ کوتہ کرد ورنہ درد سر بسیار بود

شاہی سے برطرف ہوئے اور بجاے منجم
وقت شناس واسطے دریافت وقت
نماز پنجگانہ مقرر ہوئے اور حصر سفر بروز شنبہ
و پنجشنبہ مقرر ہوا اور ترک آرایش جواہر پہننے سے
کی گئی الابروز یکشنبہ و تاریخ جلوس ور امراء کو
امتناع لباس نا مشروع سے ہوا اور اسی
اثنا مین بپاس شرع شریف **کلاونت**
و قوال خوش آہنگ وجاد و فن ملازم قدیم
شاہی کا مشاہرہ اضافہ کرکے خواندگی سے
باز رکھا چنانچہ نقل ہے کہ ایک روز چندگانی والون
نے جنازہ بناکر اور بہت سے پھول اوسپر
ڈال کر کمال آرایش کے ساتھ بقصد شہرت
اسبات کے کہ سرود نے محل سفر آخرت کا
باندھا لاش اوسکی واسطے دفن کی لیے جاتے ہین
نیچے جھروکھہ شاہی سے گذرے حکم ہوا کہ ایسا
اسکو نیچے خاک کے کرو کہ قبر سے سر نہ نکالے
اور آواز اوسکی نہ نکلے اور سال ۱۲ جلوسی مین
جعفر خان وزیر نے سفر آخرت اختیار کیا
یہ شخص خوش وضع و مزا دانش تھا بعد وفات اسکے
اسد خان اس عہدۂ وزارت پر سرفراز ہوا
اور سال ۲۳ جلوسی مین سیوا مرہٹہ بھی مرگیا دو
لڑکے سیتا و رام راجا چھوڑ گیا اس بادشاہ عالی
کے ۵ بیٹے و ۴ دختر نسائف مختلف سے تھین

لاکھہ روپیہ سالانہ بیگم صاحبہ کا کیا گیا اور سال ۵
جلوسی مین حاجی محمد خان قدسی شہیدی سعادت
ملازمت سے مشرف ہوکر قصیدہ مدحیہ گذرانکر
دو ہزار روپیہ و خلعت سے مفتخر ہوا اور ایکروز
محفل فیض منزل مین بتقریب ذکر سکندر
ذوالقرنین کا ہوا یمین الدولہ آصف خان
نے عرض کی کہ ابتک کسی نے اوسکے سخن پر
اعتراض نہین کی آنحضرت نے فرمایا اگر
نبوت اوسکی ازروی کتب کے ثابت ہوئی ہی
تو جاے حرف نہین ہی والا مجہکو دو اعتراض ہین
ایک یہہ کہ ایسے بادشاہ دانا کو سیحایت اگی نوشابہ
کی جانا دوسرے جواب مین رسول دارا کی اپنے
باپ کو مرغ کہنا جیسا کہ نظامی گنجوی فرماتی ہین
ع شد آن مرغ کو خایہ زرین نہاد + کب مناسب و
لائق تہا اور سال ۶ جلوسی مین بتقریب رسم کتخدائی
محمد دارا شکوہ ساتھہ دختر سلطان پرویز کے ۳۲
لاکھہ روپیہ اس جشن مین صرف ہوا اور سال ۷ جلوسی مین
زمانہ بیگ مخاطب مہابت خان خانخانان راہی ملک عدم ہوا
اور سال ۱۱ جلوس مین امانت خان خوشنویس کاتب باب
مقبرۂ ممتاز الزمانی کو زنجیر فیل مرحمت ہوا اور سعید خان
صوبہ دار کابل کو حکم تسخیر قلعہ قندہار نافذ ہوا اور
ذوالقدر خان کو آگے علی مردان خان حاکم قندہار کے
روانہ کیا اور سال ۱۲ جلوسی مین باغ مبارک بنیاد لاہور

مع نہر باہتمام علی مردان خان وخلیل اللہ خان انجام کو
پہونچا اور ۴ سو ہزار روپیہ اوس مین صرف ہوے
سال ۷ ا جلوسی مین مشرف زیارت روضہ خواجہ
معین الدین چشتی علیہ الرحمۃ سے ہوکر بیس ہزار روپیہ
عنایت فرماے اور حکم ہوا کہ دیگ کلان موقوفہ
جنت مکان جہانگیر بادشاہ مین طعام پکواکر مساکین کو
تقسیم کیا جاوے چنانچہ ایک سو چالیس من پختہ طعام
اوسمین ایک دفعہ مین پکایا گیا تھا اور سال ۲۴
جلوسی مین قلعہ قندہار شاہ عباس ثانی والی ایران نے ضبط
کیا اور سال ۲۵ جلوسی مین غنی کشمیری نے مثنوی
تعریف عمارات شاہجہان آباد و باغ حیات بخش حضور مین
گذران کر ہزار روپیہ انعام پایا چنانچہ یہ ابیات
اوسکے کلام سے ہین ؎ تعالی اللہ چہ شہر ست
این کہ از شان ؛ گذشتہ ہر بناے او ز کیوان ؛
جہان را گر بہ از خود یاد باشد ؛ ہمین شاہجہان آباد
باشد ؛ اور تعریف باغ مین لکھا ہے ؎ ای حسن بہار
از تو روشن ؛ خاطر تصویر تو گلشن ؛ کس مثل تو
درجہان ندیدہ ؛ مثل تو خدا نہ آفریدہ ؛ شوید دہن
از گلاب ایام ؛ آنکہ بزبان برد ترا نام ؛ اور سال
۲۸ جلوسی مین محمد داراشکوہ بعد ولیعہدی بعنایت
خلعت گران بہا قیمتی دو لاکھ و پچاس ہزار روپیہ و
اشرفی ایک لاکھ و ۷ ہزار اور ۲ لاکھ روپیہ نقد
و بخطاب شاہ بلند اقبال سربلند ہوا اور سال

لاکھہ روپیہ سالانہ بیگم صاحبہ کا کیا گیا اور سال ۵ جلوسی مین حاجی محمد خان قدسی شہیدی سعادت ملازمت سے مشرف ہوکر قصیدہ مدحیہ گذرانکر دو ہزار روپیہ و خلعت سے مفتخر ہوا اور ایکروز محفل فیض منزل مین بتقریب ذکر سکندر ذوالقرنین کا ہوا یمین الدولہ آصف خان نے عرض کی کہ ابتک کسی نے اوسکے سخن پر اعتراض نہین کی آنحضرت نے فرمایا اگر نبوت اوسکی از روی کتب کے ثابت ہوئی ہی تو جاے حرف نہین ہی والا مجہکو دو اعتراض مین ایک یہہ کہ ایسے بادشاہ داناکو بیحایت آگی کوشاہ کی جانا دوسرے جواب مین رسول دارا کی اپنے باپ کو مرغ کہنا جیسا کہ نظامی گنجوی فرماتی ہین ع شد آن مرغ کو خایہ زرین نہاد * کیا مناسب و لائق تھا اور سال ۶ جلوسی مین تقریب رسم کتخدائی محمد دارا شکوہ ساتھہ دختر سلطان پرویز کے ۳۲ لاکھہ روپیہ اس جشن مین صرف ہوا اور سال ۷ جلوسی مین زمانہ بیگ مخاطب مہابت خان خانخانان راہی ملک عدم ہوا اور سال ۱۱ جلوس مین امانت خان خوشنویس کا کتبہ باہر مقبرہ ممتاز الزمانی کو زنجیر فیل مرحمت ہوا اور سعید خان صوبہ دار کابل کو حکم تسخیر قلعہ قندہار نافذ ہوا اور ذوالقدر خان کو آگی علی مردان خان حاکم قندہار کے روانہ کیا اور سال ۱۲ جلوسی مین باغ مبارک بنیاد لاہور					

یہہ رباعی کہی ہے رباعی برفیل سفیدت کہ مینا
گتر بند ٭ شاہ بخت بلند برکہ او دیدہ فگند ٭ چون
شاہجہان برو برآمد گوئی ٭ خورشید شد از سفیدۂ
صبح بلند ٭ اور اس بادشاہ نی اول حکم امتناع سجدہ
کا واسطے اسکے نافذ کیا و بعوض اسکے چند سے
حسب التماس مہابت خان کی زمین بوسی مقرر ہوئی
چنانچہ دونو ہاتھہ زمین پر رکھکر پشت دست کو بوسہ
دیتے تھے اور واسطے سادات علماء و فضلاء کی سلام وقت
ملازمت و ہنگام رخصت سے کے فاتحہ مقرر ہوا اور بعد چند
ایام زمین بوسی بھی موقوف فرما کر تسلیم چہارم مقرر ہوئی
اور علم موسیقی مین بھی فائز و رسا تھے کہا ہے
کہ وقت استماع سماع آنحضرت سے بعضی مشائخ نی
ایسا وجد کیا کہ اوسی حالت مین روانہ جنت ہوئی
اور اوسی سال اول جلوس مین روپیہ لشکر خان
کو بابت قرضہ ذمہ اپنے سے کے دیا اور ۸ لاکہہ روپیہ نقد
و جنس سی بطور انعام کے تقسیم کیا گیا اور سال ۴
جلوس مین ارجمند بانو بیگم ملقب نواب ممتاز الزمانی
کی بعمر ۳۸ سال بلدہ زین آباد و برہان پور مین عالم فانی سے
رحلت کی بیدل خان نی مادہ تاریخ کا ایسا پایا ع
جای ممتاز محل جنت باد ٭ اور آٹھہ لڑکے و ۶ لڑکی اسسے
متولد ہوئین اور نقد و اثاث البیت مغفورہ کہ زیادہ
ایک کرور روپیہ سے تہا از انجملہ نصف جہان آرا بیگم
معروف بیگم صاحبہ باقی اونکی اولاد کو بخشا گیا اور ثلث

محمد دارا شکوہ ولیعہد نے نظم و نسق اوسکا بطور خود کیا
اور آمد و رفت احبا کی مسدود ہوئی آخرش عالمگیر بادشاہ
فتحیاب ہوا اور شاہجہان بعد وفات کے روضۂ
تاج گنج واقع آگرہ پر متصل قبر ممتاز محل کے
مدفون ہوکر علیین مکان لقب انکا ہوا اور
اور دس لاکھ روپیہ سالانہ ممتاز الزمانی ارجمند بانو
مہد علیا بیگم عرف تاج بی بی کا تھا اور تلسی داس
گوسائین شاعر ہندی انکے عہد مین اور انکے
عہد مین زبان لشکری یعنی اُردو نے رواج پایا
یعنی جسوقت دہلی کی بازار مین ترک مغل و پٹھان
وغیرہ ہندؤن کے ساتھ بات چیت کرنے لگے
تب اونکی فارسی وغیرہ زبانین برج بھاکھا کے
ساتھ مل گئین اور نام اوسکا اُردو ہوا اور
٦٧	چینگ ٹی			بعمر ۵ سال کے تخت نشین ہوا اور بلوہ ہوا اخر سنہ ۴۴۲ع مین آخر ہوگیا
٦٨	کانگ ٹی		دوسال	بیٹا چینگ ٹی کا تھا بعد حکمرانی مرگیا اور بیٹا اسکا دو برس فغفور کہلایا اور ۱۴ برس اسکی نائب سلطنت رہی
٦٩	مہتی		•	بعمر ۱۶ سال کی حکمرانی خود مختار رہکر سنہ ۴۶۲ع مین مرگیا
٧٠	کی ٹی		سہ سال	بیٹا مہتی بادشاہ کا ہی استعمال اکسیر کا کرکے مرگیا
٧١	ٹی امی		•	بھائی کی ٹی کا ہے مدبر و بہادر تھا سنہ ۴۷۲ع مین مرگیا
٧٢	کین وان		•	لڑکا ین ٹی بادشاہ کا ہے دو برس کے اندر ہی مرگیا
٧٣	ہواوٹی			۱۴ برس کی عمر مین مسند نشین ہوکر اپنی عورت کے ہاتھ سے مارا گیا سنہ ۳۹۶ع مین
٧٤	کانٹی			یہہ بادشاہ کاہل و مجہول تھا اور سیلان دیپ یعنی لنکا کے بادشاہ نے بطور نظر کے ایک تبالماس کا شبیہ گوتمہ بود کی بھیجا تھا بالآخر سنہ ۴۱۸ع مین مارا گیا اور خاتمہ خاندان تنگ سین کا ہوا اور سلطنت خاندان سنگ مین گئی
٧٥	ی او		•	اس بادشاہ نے کنگ ٹی کو زہر دلوادیا اور سنہ ۴۲۲ع مین بعد حکمرانی کے مرگیا
٧٦	شاوٹی		/	بیٹا ی او بادشاہ کا سب سے الانا قابل تھا
٧٧	وان ٹی			بھائی شاوٹی کا تھا بہت مدبر اور نیک نہاد و قدردان

			جار ہا تھا
۵۴	لینگ ٹی		یہہ بادشاہ ۱۷۶ء مین تخت نشین ہوا اور ناکس تھا آخرش ۱۹۹ء کے بلوہ مین مارا گیا
۵۵	ٹانگ چو		یہہ بادشاہ برائے نام تخت نشین ہوا
۵۶	چاوپی		بعد حکمرانی کے راہی ملک عدم ہوا
۵۷	چاولی		بشرح ایضاً
۵۸	ہاوتی		بیٹا چاولی بادشاہ کا تھا اور خاتم خاندان بادشاہان کا ہے اور اہل کاران فاضلون کی روسے بحال کرنا اور ادنے سا کام جاہلون کو دینا ان کی عہد دولت مین مقرر ہوا اور اسی ایام مین ایجاد طبع کی ہوئی الا تکملہ صفائی بعد ۹۲۵ء مین ہوا
۵۹	آولٹی		بعد وسادہ نشینی حکومت کے راہی ملک عدم ہوا
۶۰	زہی باین		یہہ بادشاہ بڑا عیاش وزن مرید خاندان سین سے تھا
۶۱	ہی ٹی		بعد حکمرانی [illegible] مین مرگیا
۶۱	ہی تی		بیٹا زہی باین کا ہے اور زن مرید ہی مین باپ کا استاد نکلا اور [illegible] ء مین مرگیا
۶۲	ہاٹی		حکمران ہوا لائق تھا
۶۳	بان		اس بادشاہ کا نام لوسن بھی فرمان روا ہو کر شہنشاہ کہلایا الا بڑا خونخوار و قہار تھا اور شہزادہ مینگ ٹی کو ۳۱۳ء مین قتل کر کے خاتمہ گھرانے سین کا کیا اور سلطنت تاک سین مین گئی
۶۴	ین ٹی		عہد فرمان روائی اسی بادشاہ مین لوسن مذکورہ بالا مرگیا

نمبر	نام		سنہ	کیفیت
				اسکی فوج دشت قبچاق پر مظفر ہوئی تھی اور [illegible]ء مین مرگیا
۴۸	ہوتی			بیٹا چانگ تی کا تھا سنہ ۹ء مین مسند آرا ہوا اسکے عہد مین ایک عورت عقیلہ نے ایک کتاب نصیحت نساء کی بیے بہت اچھی تصنیف کی
۴۹	چام تی		یک س	یہہ بادشاہ نہایت کم سنی مین تخت نشین ہوا اور اسکی عہد حکومت مین کثرت سیلاب باران سی نقصان زراعت کا ہوا
۵۰	کان ٹی		مٹ س	یہہ بادشاہ ۱۴ برس کی عمر مین تخت نشین ہوا اور عیاش تھا
۵۱	سن ٹی		سے س	یہہ بادشاہ سنہ ۱۳۶ء مین مسند نشین ہوا ایک تھا عمر ۱۲ برس کی تھی اور سنہ ۱۴۴ء مین مرگیا اسکا بچہ دو برس کا برس روز تک فغفور کہلایا
۵۲	چیٹی			یہہ بادشاہ اچھا تھا الا زندگی نے وفا نکیا زہر سے مارا گیا ٹی انگ ٹی اپنے سالے کے ہاتھ سے
۵۳	اودان ٹی		•	اس بادشاہ کے عہد مین ایک عالم زبردست لوکنا اوسکو بھی ٹی انگ ٹی نے قتل کروایا اور اسکے شاگردون نے متفق ہوکر بڑا حق استادی کا ازروے تجہیز و تکفین وغیرہ ادا کیا اور اس بادشاہ کے عہد مین کئی مرتبہ قحط سالی برابر ہوتی گئی چنانچہ کوئی چو کی صوبہ سے زیادہ لاکھ آدمی سے نکل گئی اغلب اس بات سے پایا جاتا ہے کہ ملک کی پہلے آبادی شروع ہوئی موید اس کلام کا مضمون مشہور پوران کتاب سنسکرت کا ہے کہ سمی نانجا کنول ختائی نے مع اپنی قوم کے بہت آدمی خیال کیا [illegible]

نمبر	نام		مدت	کیفیت
				اورکاہل ۱۸۲ قبل عیسی ع م سے انتقال کیا
۳۹	سن ٹی			یہہ بادشاہ قبل سنہ ۱۸۲ عیسی ع م سے مرگیا
۴۰	ین ٹی		ے س	یہہ بادشاہ دل ودین کا ضعیف تھا اور تابعدار عورت کا و قدردان علما کا بھی
۴۱	چنگ ٹی		سے س	یہہ بادشاہ عیاش وکاہل تھا الانصیبے وریے اولاد مرگیا اوراس بادشاہ نے اوسی سنہ مین انتقال کیا کہ جس سنہ مین عیسی ع م پیدا ہوے تھے
۴۲	پینگ ٹی		لعہ س	یہہ بادشاہ یونہ ین ٹی کا تھا بعد حکمرانی سے راہی ملک عدم ہوا اوراسکا وزیراعظم دان دان تھا جسنے اپنے خاوندکو زہر سے مار ڈالا
۴۳	دان دان		سوع س	یہہ بادشاہ لوشنگ اور لوسو خاندان ہان سے ا... با کے ہاتھہ سے لڑائی مین مارا گیا
۴۴	ٹی ہوان		دو سال	اس بادشاہ کی حکمرانی سے ایام عرصہ جنگ مین گذرے
۴۵	لوسو		ریہ س	اس بادشاہ کو کوانٹ اوٹی بھی سے لتے ہین سنہ ۲۵ ع مین مسندنشین ہوا اور ملک ماچین مین برابر لڑائی رہی یہہ بادشاہ بڑا رحیم وکریم تھا اور شہر ہونان کو پایہ تخت قرار دیا تھا
۴۶	مینگ ٹی			بیٹا لوسو بادشاہ کا ہے موافق اسنے اس...
۴۷				

...رو مسماة ا

...ہ کی عہد

ہوا

نیلہ

...ودھکا

۷۵

...ع علیہ

۲۷	ہوان دانگ		یہہ بادشاہ بیٹا چوسی انگ کا ایک سال حکمران رہا
۲۸	چودانگ سی ان وانگ		یہہ بادشاہ بعد حکمرانی ایام چند مرگیا
۲۹	چی دانگ ٹی	[illegible]	اس بادشاہ نے بہت حکما وغیرہ کو قتل کیا تھا اور بصلاح ومشورہ لے زی وزیر اپنے کے کتبخانہ قدیم جلوا دیے اور اسکے ایام انتقال کو مورخون نے ۲۱۰ سنہ قبل عیسی ع م کے قرار دیا ہے،
۳۰	ارسی دانگ ٹی		یہہ بادشاہ عیاش تھا اور خواجہ سراؤن کا دور واقتدار اسیکے عہد مین شروع ہوا
۳۱	زی اینگ		اس بادشاہ نے لوپانگ سی مقابلہ کیا اور کچھہ نہو سکا
۳۲	ہی دانگ		اس بادشاہ نے تمام مقابر کہود وا ڈالے اور زی اینگ کو مروا ڈالا تھا
۳۳	لوپانگ	[illegible]	اس بادشاہ پر تھوڑے عرصہ مین قوم تاتار جسے چی دانگ ٹی نے شکست دی تھی عوض لینے کو چڑھہ آئے عمر اسکی ۵۳ سال کی تھی
۳۴	ہوے ٹی		بعد حکمرانی کے مرگیا
۳۵	وان ٹی		یہہ بادشاہ بہت نیک تھا اور چرچہ علم کا پھیلایا ۱۵۷ سنہ قبل عیسی ع م کے مرگیا اور اسکے عہد مین ختائیون نے ایجاد کاغذ کی کی
۳۶	کینگ ٹی		یہہ بادشاہ بھی نیک ذات تھا بعد حکمرانی کے مرگیا اور حال اسکا معلوم نہین ہوا
۳۷	[illegible]	[illegible]	اس بادشاہ نے بھی تخت ختا کو خوب جلوہ دیا عمر ۷۱ سال کی بعد سنہ ۸۶ قبل عیسی ع م کے مرگیا یہہ بادشاہ بیٹا اوٹی کا ہے بہت عیاش تھا

تہ ہو ظلم تا تھا قتل وا والاعمر ۹۳
سال کی تھی سنہ ۱۱۰ قبل عیسی ع کے فوت ہوا
یہہ بادشاہ بیبا اودا نتھا اور وزیرا
چوکنگ اسکا چچا تھا اور ایام طفولیت مین مسند
ہوا تھا اور اسکے دوسرے وزیر نے ختا مین
اسجاد پیبی کی لیکن بے سکہ ابتک مروج ہے

عیس س لعبد انی مرت
لہص س یہہ بادشاہ لعبد انی قبل سنہ ۱۰۲ عیسی ع مریا
یہہ بادشاہ پیرقوتا پ دا تھا عہد مین
قوم تاتار نے حملہ کیا پس پا ہوئی
یہہ بادشاہ شدت سے حریص تھا اور غربا و رعایا کو
انواع طرح سے ستاتا تھا اور جوکن کو وزیر مقرر کیا تھا
اس وزیر با تدبیر و خیر خواہ بے نظیر نے ہنگام بلوہ رعایا
بعوض ولیعہد بادشاہ کے اپنے بیٹے کو ٹکڑے ٹکڑے
ٹکڑے کروا ڈالا
یہہ بادشاہ بھی موافق اپنے پدر ظالم و جابر تھا
یہہ بادشاہ خاتمہ خاندان چو ہے اور دا
سوم بادشاہ خاندان چو کے عہد مین کنگ فوزی حکیم نامی
پیدا ہوا تھا اور افلاطون حکیم یونانی کی ماکا دادا جسکا نام
سولون تھا وہ ہمعصر کنگ فوزی کی تھا ۵۰۰ برس قبل
عیسی ع کی یہہ تینو تھے بلکہ حکیم فیثاغورث ولد بیسارقس
یا سدبو ہے اور گوتما بودہ حکیم ہندوستان
کا ہے ہمعصر ہین فقط

نمبر	نام		کیفیت
			جب تک اسکا بھائی بے تاج و تخت رہا اسنے خطاب شاہنشاہی کا لیا
۱۳	ٹی سنگ		اس بادشاہ کے وقت مین لے امیر مدمغ بانجھ بان لس امیر نمکحرام سے مارا گیا اور فرزند ای ٹی نے ۲۲ سال سلطنت کی
۱۴	کی		یہہ شاہ موصوف بصفات ذمیمہ تھا جیسا کہ یوک بادشاہ نیکی مین موصوف تھا اور خاتم خاندان کا ہی اسنے مسماۃ ہوئی دختر کسی امیر پر عاشق ہوکر اوسکے بس مین آگیا چنانچہ حسب اوسکی فرمایش چینیڈی سے ایک مکان سنگ زبرجد کا بنواکر تمام اسباب جڑاو مہیا کر دیا تھا
۱۵	چنگ تانگ		اس بادشاہ کے عہد مین ایک دفعہ بڑا قحط پانی کا ہوا اور سات برس پانی نہ برسا الا بسبب خوش انتظامی اس بادشاہ کے سب رعایا غلہ سے خوش و خورم رہی
۱۶	ٹنگ		یہہ بادشاہ بیٹا چنگ تانگ کا تھا بعد حکمرانی اسکے مرگیا
۱۷	یون کنگ		یہہ بادشاہ اچھا تھا اور اپنی حکمرانی مین اپنا لقب ین تبدیل کیا بعد اسکے رفتہ رفتہ تخت ختا پر چو کی نسل قائم ہوئی
۱۸	چوسن		یہہ بادشاہ بھی جابر و ظالم تھا اور بسبب عورت پرستی ایک عورت پری زاد بدنہاد پر مبتلا ہوکر اوسکے کہنے کے موافق بحکم و ظلم کرتا تھا
	اودانگ	معہ س	اس بادشاہ نے اوس عورت بدنہاد کو جسکے اوپر جگ

			لڑکا ہوا اونہین سے دو ستانک اور چاو گھرانیکے بانی ہوے
۷	ٹی چی		یہہ شخص عیاش و بدالطوار تھا جب امرا کی نصیحت نہ مانی تب تخت و تاج سے بیدخل ہوگیا
۸	یاؤ	۱۰۰ س	یہہ وہی یاؤ ہے کہ جسکی تعریف ختائیون مین قیامت تک رہیگی اسنے واسطے انتظام امور سلطنت کے شن کو کہ لڑکا ایک غریب کا تھا لائیک اپنا شامل کرلیا
۹	شن	۵۰ س	یہہ بادشاہ بہادر ولی تھا اور اسکی تعریف حلم وغیرہ کی وہان زبان زد خلائق ہے اور اسنے ایک شخص یو کو اپنا شریک تخت نشینی کا کیا اور ایک عمارت وسیع عالیشان بنواکر مملکت کی اکثر بڈھے دیرینہ سال وہان رکھتا تھا اور جب امور سلطنت سے فارغ ہوتا اور طبیعت راحت طلب ہوتی تو اونہین کی صحبت مین جا بیٹھتا تھا اور ہر ایک کی باتین سنتا تھا عمر اسکی ۱۱۲ سال کی ہوئی تھی
۱۰	یو	۸ سال	یہہ بادشاہ حلیم منش و نیک کردار تھا و عادل و اشجع اسنے ختائیونکو ترکیب کشتکاری کی بتلائی اسکا لقب تاکہ بزبان ختا بمعنی نیک ہے دیا گیا اور اسنے یہہ رسم پہلے نکالی کہ جو مالک تخت کا ہووے وہ اپنے عصر کے مجتہد دین کا رہے چنانچہ ابتک یہہ بات وہان جاری ہے عمر اسکی ۱۰۰ سال کی تھی
۱۱	ٹی کی	۱۰ س	یہہ بادشاہ بیٹا یو کا ہے ۲۱۹۷ سال قبل عیسی عم کے اسنے بادشاہت کی اور صوبہ دار سے شکست کھائی
۱۲	چنگ کنگ	۰	یہہ بادشاہ بھی مثل یو کے رحیم و عادل تھا اور

۴۸ نقشۂ بادشاہان مملکت ختا یعنی چین اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	مدت سلطنت	کیفیت
۱	فوہی		یہہ بادشاہ گھرانہ سان ہوام کا مرد نامور حکیم ہی علم موسیقی کا موجد اور اسی شخص نے شہر چین یا حسن ماچین کو بسایا اور فوہی کی گھرانہ مین ۱۵ بادشاہ تخت نشین ہوے اور زمانہ سبکی ریاستون کا ۱۸ ہزار برس کا ختائی لوگ کہتے ہین اور روئین جد قوم چین کہ بیٹا یافث بن نوح ءم کا تھا ہے اور وہان بانی کشتکاری کا ہوا
۲	شن تنگ	۱۴۰	یہہ شخص بانی زراعت کا ہے اور موجد طبابت کا وبازار رذات ومیلہ اسی نے بنیاد ڈالا
۳	ٹے بوکانگ		یہہ شخص عیاش نکلا اور اسکے عہد مین بلوے عام ہو
۴	ہوانگ ٹی		یہہ شخص ہمیشہ وارثان شن تنگ سے لڑا مگر ظفریاب نہوا اور اسنے کئی گروہ آدمیونکے صوبہ بحیلی مین بھیجے اور آباد کیا پہلے عمارت اینٹ کی ختا مین اینٹ رہنے کی نئی اسی نے بنوائی اور معنی ہوانگ ٹی کی مالک روی زمین مین
۵	شاکو ہاکو		یہہ شخص بیٹا ہوانگ ٹی کا ہی ماندرین کی درباری لباس مین جو کالے نمون سے نقش ہین وہ اسکے تجویز سے ہے
۶	ٹی کو		مدارس کی بنا لڑکونکی تعلیم کے واسطے اسی سے ہوئی اور کثیر الازواج ہونیکا رواج اسی نے نکالا اور بسبب پرستش شان ٹی یعنی پروردگار عالم چار و بیبیون سے ایک ایک

					ولبعض حال ضروری لکھا جاتا ہے کہ خالی از لطف نہو گا وہ یہہ ہے کہ باپ انکا بیٹا امیر برکل بن امیر ایلنگر کہ اسلام لایا تھا بن امیر انجل بن امیر قرارچار بن امیر سوغو جیجن بن امیر ایرومجی برلاس بن قاجولی بہادر بن تومنہ خان بن باسنقر خان بن قایدو خان بن دوتومنن خان بن بوقا خان بن بوزنجیر قاآن برادر قبیل خان حسب ۷۳۶ھ مین یہہ بادشاہ خطہ کش مین کہ جو مشہور سا ہے شہر سبز کے بلاد ایران مین واقع ہے پیدا ہوا اور سال بعد فوت سلطان ابو سعید بہادر خان کے دولت آل چنگیز خان کی توران سے منقرض ہو چکی تھی چنانچہ جنگ وجدل دو سال فیما بین امیر حسین ۷۷۱ھ مین سر برآرا ہوا اور تمام ممالک روے زمین پر حکمران ہوا چنانچہ شہر روحا مین کہ حاکم وہان کا کنترل نام رکھتا تھا مع فرزندان و امرا کے پہونچا اور روحا شہر بنا کیا ہوا نمرود بادشاہ جو کہ منجملہ چار بادشاہون روے زمین مفصلہ ذیل کی تھا ہے سکندر رومی سلیمان ؑ بخت نصر کافر نمرود کافر الغیب عند اللہ العلام فقط

۱۳	امیر تیمور	امیر طراغان یونان	۳۵ س ۱۱ ماہ	اس بادشاہ عالی کا حال نقشہ سلاطین تیموریہ یعنی بادشاہان اہل اسلام متعلقہ ہند مین لکھا گیا ہے اور نسب مادری انکا چنگیز خان سے تابہ بانوی عصمت مآب النقواہ کے ملتا ہے اور النقواہ دختر جوبینہ بن بلدوز خان کی تھی وبغایت حسین اول حبالۂ نکاح پسر عم اپنے مین انعقاد پایا تھا اور بعد تولد دو پسر انکا شوہر مرگیا یہہ خود حکومت ملک کی کرتی تھی اوسی ہنگام مین ایک روز بستر استراحت پر آسایش کر رہی تھی کہ ناگہان ایک نور اوس گھر مین چمکا اور اسکے تالو مین در آیا اور اسی نور سے یہ بانو حاملہ ہوگئی اور اس سے سہ لڑکے پیدا ہوئے بوقون قیقی بوسقین بوزنجر اور ظہور بوزنجر کا زمانہ مین خروج ابومسلم مروزی کے ہوا کہ اور یہہ باپ سلاطین ترک کا گنا جاتا ہے اور خروج ابومسلم مروزی کا ملک مرو و خراسان مین ایام آخر حکومت بنی امیہ وابتدا سے سلطنت بنی عباس سنہ ۱۳۲ھ مین ہوا تھا وقد اجاد القائل ع درنامۂ زمانہ بجز حرف جنگ نیست ۞ گویا کہ از سیاہی لشکر نوشتہ اند ۞ اب یہان صرف نسبنامہ

					انجام کو پہونچی اور ہلاکوخان سنہ ۶۶۳ ہجری ممالکت ایران وغیرہ کا اوپر پانچوں بیٹے اپنے کے تقسیم کرکے مرگیا نصیر الدین طوسی مصنف اخلاق ناصری اس کے وقت مین تھا
۴	اباقاآن	ہلاکوخان	۶۶۳	۱۷س	تخت گاہ اسکا تبریز تھا سنہ ۶۸۰ھ مین بعد حکمرانی کے مرگیا
۵	نکودار	ایضاً	۰	۲س	یہہ بادشاہ دغاوفریب سے مقتول ہوا
۶	ارغون خان	اباقاآن	۶۸۳	۷س	بعد حکمرانی سنہ ۶۹۰ھ مین مرگیا
۷	تربلاقاآن	توبلیخان	۰	۳۵س	بعد حکمرانی کے مرگیا سنہ ۶۹۳ھ تھے
۸	کیخاتوخان	ایضاً	۶۹۰	۴س	یہہ بادشاہ سنہ ۶۹۴ھ مین امراے بایدوخان کے ہاتھ سے قتل ہوا
۹	بایدوخان نبیرہ ہلاکوخان	ہلاکوخان	۶۹۱	۰	بعد حکمرانی راہی ملک عدم ہوا
۱۰	غازان خان	ارغون خان	۶۹۴	۸س ۹م	یہہ شخص مسلمان ہوکر تخت نشین ہوا اور بنام سلطان محمود موسوم تھا
۱۱	الجایتوخان خدابندہ	ایضاً	۷۰۳	۱۲س	اس بادشاہ کا لقب سلطان خدا بندہ تھا عادل وداد گر آخر سنہ ۷۱۶ھ مین راہی ملک عدم ہوا
۱۲	ابوسعید بہادرخان	سلطان محمد خدابندہ	۷۳۶	۱۹س	یہہ بادشاہ بعد حکمرانی عین جوانی سنہ ۷۳۶ھ مین مرگیا اور اسکے عہد مین بہت کشت خون ہوا تھا بعدہ اسکے ۲۰ امیر علی الترتیب برائے نام حکمرانی کرکے راہی ملک بقا ہوئے تفصیل اونکی سن وجہ زائد سمجھ کر یہان متروک ہوئی

نمبر	نام	والد	سنہ	مدت	کیفیت
					اسکو بھی شکست ہوئی آخر بعد خونریزی قتل عام ب بار ماہ رمضان ۶۲۴ھ بہ بین بہیہ شعر پڑھ کر ع چو مدت نماندہ حیات مرا ٭ نہان داشت باید ممات مرا ٭ پو از شہر شیوا قوآید برون ٭ مراو راہا ندم بریزند خون ٭ آنکھین بند کرلین ع بگفت این وو دیدہ بہم برنہاد ٭ تو گفتی کہ چنگیز خان خود نزاد ٭ آخر بعمر ۷۳ سال کے مرگیا پسر کلان اسکا جو جے خان تھا اور پانچ سو عورت اسکے تھین اور دوسرا لڑکا تولیخان تھا اور واسطے اسی کے تخت نشین کرنے بعد اپنی وصیت کر گیا تھا باقی حال اسنا الفتکو بادشاہان ختا یعنی چین مین درج ہی اور نسل یاجوج و ماجوج سی تھا اور لوہانگ کی پہاڑ مین پیدا ہوا
۲	اوکتائی قاآن	چنگیز خان	۶۲۶	۱۳س	یہہ بادشاہ سخی تھا بعد حکمرانی ۶۳۹ھ مین مرگیا اور غایر خان کو بموجب حکم اپنے باپ کے مارڈالا تھا
۳	ہلاکو خان برادر منگو قاآن	تولیخان	۶۵۰	۹س	یہہ بادشاہ ۶۵۶ھ مین تھا اور خوارزم شاہ خدمت مین ہلاکو خان کے پہونچا تھا اور ۶۵۷ھ مین نصیر الدین طوسی و مؤید الدین ریاضی و فخر الدین مراغی و فخر الدین اخلاطی و نجم الدین قزوینی کاتبی نے مراغہ مین رصد ستارگان کی آغاز کی اور ۶۶۳ھ مین

خوبصورت عورتین مع دو لڑکون علیحدہ کرکے باقی
آدمیون کو حوالہ لشکریون کے کیا کہ سب اپنے اپنے
حصہ مین لگا کر قتل کرو چنانچہ ایک ایک قاتل کے
حصہ مین ۲۴۲۴ آدمی آئے تھے اور یہہ قاتل
ایک لاکھ ۲۴ ہزار آدمی سے زیادہ تھے اسپر
شمار کرنا چاہیے کہ ۲۵ لاکھ سے زیادہ آدمی
مقتول ہوئے پھر اس نے وہانسے طرف ترمذ
کے کوچ کیا ۱۰ روز مین اوسے بھی خراب کیا
قتل عام سے کہ کوئی نہ بچا تب وہانسے بلخ کو
آیا اور اسکو بھی فتح کیا اور سبکو مقتول پھر طرف
غزنین کے قتل کرتا ہوا آیا شہر ڈہاتا ہوا آخر الامر
سلطان جلال الدین کی مہم سے بھی فارغ ہوا
پھر لشکر بلا لونان کو دے کر ہندوستان مین
بھیجا چنانچہ مقامات لاہور و ملتان مین پہونچا اور
لوگون کو نیست و نابود کیا پھر ذریعہ اپنے بیٹے
تولی خان کے ایران مین ایرانیون کو ۱۲ لاکھ
سے کچھ زیادہ مقتول کردیا پھر ذریعہ کو نیان
مذکور کے شہر نیشاپور کو فتح کروا کر اور شہر مین آگ
لگوا کر آدمیون کو مقتول کروایا چنانچہ دس لاکھ
۴۷ ہزار شمار مقتولین کا ہوا پھر شہر
ہرات کو قتل کیا ۱۶ لاکھ شمار کیے گئے
۶۱۹ھ تھے پھر شہر افوقا کم قاسین سے
۴ لاکھ آدمی سے پیر سر مقابلہ آیا تھا لڑنا شروع کیا

۱۷	بیسوکا بہادر			برتان بہادر	بعد وفات اپنے باپ کے وسادہ آرا ہوا اسکے باپ کی ۲۹ بیٹے تھے سب مین زبان دراز و عقلمند سوموجین تھا اسواسطے اسکو اسنے بجاے باپ کے متعین کیا تھا پھر ۵۴۹ھ مین کہ سوموجین نے لشکرکشی تاتار پر کر فتح کی درآن وقت فرخندہ خاتون نزاد چنگیز خان شاہ والا نژاد ۞ مرآن طفل را باد مشت اندرون ۞ بقدر یکی کعب افشردہ خون ۞ کہ بکشتن دشمنان بد دلیل ۞ شد اندر کفش غیر بد دان ذلیل ۞ آخر بیسوکا بہادر ۵۶۲ھ مین فوت ہوا معہ سوموجین کی

عدد	نام فرمان روا	نام پدر	سنہ جلوس	مدت سلطنت	کیفیت
۴۷	نقشہ فرمان روایان سلسلہ چنگیز خان اجمالاً				
	چنگیز خان	لیسوکی خان یا بیسوکا بہادر	۵۹۹ھ	۲۵ س	یہہ بادشاہ نسل ازبک سے ۵۴۹ھ مین بطن مسماۃ اولن ایکہ خاتون سے میزان مین پیدا ہوا تھا ہنگام حکومت تموجین بادشاہ تاتار کی اور اول اسکا نام بھی تموجین تھا بعد ۶۰۲ھ مین پس از جشن نام چنگیز خان بمعنی بادشاہ بادشاہان ملقب ہوا اور جب لڑائی خوارزم کی فتح ہوئی اسنے حکم دیا کہ لاکھ آدمی اہل حرفہ و ہنرمند اور جوان جوان

نمبر	نام	پدر	کیفیت
۱۵	دیب باقوی خان	المنجه خان	بشرح ایضا
۱۶	کیوک خان	دیب باقوی خان	بشرح ایضا اور تاریخ ابوالفدا مین نام اسکا کیوک خان لکھا ہے
۱۷	المنجه خان	کیوک خان	اسکے وقت مین ترک لوگ جو ترسے صاحب دول و نعمت ہو کر راہ راست سے منحرف ہوئے دین و ملت کو ترک کرکے طرف کفر و شرک کے میلان کیا اسکے دو بیٹے توام پیدا ہوئے ایک تاتار دوسرا مغل و درمیان انکے تقسیم ممالک ہو گئی اور ہر ایک نے حکمرانی حسب تفصیل کرکی
۱	تاتار خان	المنجه خان	یہہ پادشاہ کامگار تھا حکمرانی کرکے مرگیا
۲	بوقا خان	تاتار خان	بشرح ایضا
۳	تلجیه خان	بوقا خان	بشرح ایضا
۴	ایلی خان	تلجیه خان	بشرح ایضا
۵	اتسز خان	ایلی خان	بشرح ایضا
۶	اردو خان	اتسز خان	بشرح ایضا
۷	سونج خان	اردو خان	اسکے وقت مین ماوراء النہر ترکستان تور بن فریدون پادشاہ سے متعلق ہوئی اور دولت تاتاری ختم ہوئی
۱	مغل خان	المنجه خان	ایک مدت تک حکمرانی کرکے مرگیا
۲	قرا خان	مغل خان	اسنے حدود کوہ قراقرم کہ اوسکو اوتان یا ازتاق کہتے ہین دار الحکومت بنا کر کے حکمرانی کی اسکے وقت مین انواع کفر و شرک مروج ہوا
۳	اغوز خان	قرا خان	قرا خان اسکے لڑائی مین مارا گیا اور یہہ مروج دین اسلام کا ہوا اسکے وقت مین کسی سپاہی کی ایک عورت نے جوف درخت مین وضع حمل کیا اوس لڑکے کا ازروے معنی نام قبچاق ہوا بموجب مقولیت کنتون قوم قبچاق [illegible]

			سلام ترخان کو پاس سد کے لیگئے سلام ترخان نے ایک پہاڑ دیکھا کہ اوسپر گھاس تھی عرض اوسکا ۵ اگز اور ایک دیوار اینٹون کی ٹوٹی ہوئی الغیب عند اللہ
۷	غز	ایضاً	اس شخص نے کنارے بلغار کے آکر سکونت کی جمیع غزان کہ بدترین اقوام ترک کے ہین اسی کی نسل سے ہین
۸	چین	ایضاً	یہہ شخص نہایت عاقل تھا اسکے باپ نے اپنی مملکت مین شہر اسکے نام سے بنا کیا اس شخص نے نقاشی اور صورتگری اور بناء جامۂ رنگین کا اختراع کیا اور ابریشم کرم پیلہ سے نکالی بلکہ بہت حرفت اور صناعت کہ ابتک میان اہل چین کے ہے اسکے مخترعات سے ہین اور ماچین اس کا بیٹا تھا کہ حوالی چین مین شہر اپنے نام کا آباد کیا۔
۹	صقلاب	ایضاً	اسکے بہت اولاد ہوئی آخرش صقلابیون نے واسطے توطن کی جگہہ اوس سے مانگی نپائی کہ لڑائیان اونمین ہوئین اور صقلابی ہارے اور ایک موضع مین کہ جسکو اقلیم السابع کہتے ہین رہنے لگے
۱۰	کماری	ایضاً	یہہ شخص شکار دوست تھا چنانچہ بخیال شکار بلغار مین جا کر رہنا قبول کیا اسکے دو بیٹے ایک بلغار دوسرا برطاس تھا ہر ایک نے اپنے اپنے نام کی عمارتین بنا کر کے روباہ و سمور و سنجاب و قاقم حاصل کی اور اسکو یعنی کماری کو کیال بھی کہتے ہین
۱۱	خلج	ایضاً	یہہ اپنے نام کی عمارت و شہر آباد کر کے مرگیا
-	سال	ایضاً	بشرح صدر اور تاریخ ابو الفدا مین نام سدسان لکھا ہے۔
-	تارج	ایضاً	بعد حکمرانی مرگیا
-	المنجہ خان	ترک	واضح ہو کہ یہہ بادشاہ معدلت شعار تھا اسکے وقت مین خلائق شادان مرفہ الحال تھی ہنگام پیری عزلت گزینی سے مرگیا

نمبر	نام	نسب	کیفیت
			مذموم جاری ہوئی اور تودک و چیگل و برسجار و ایلاق بیٹی تھی
۳	تودک	ترک	بعضے اسکو تونک بھی کہتے ہین شکارگاہ مین ایک ور کھانا کھاتے تھے لقمہ ہاتھہ سے گر پڑا پہر اوسکو اوٹھاکر کھالیا جو وہ جگہ شور تھی نمکینی اُسکے مذاق مین اچھی معلوم ہوئی اوسکے بعد نمک کھانے مین ملاو کیا ترکان اصلی انہین کی ذریات سے ہین
۴	خزر	یافث	یہہ شخص حلیم کم آزار و کم سخن تھا کنارے نل کے شہر خزر بنا کیا اور اوسمین تخم مزروع کروا سکے
۵	روس	ایضاً	یہہ شخص لڑاکا نہ تھا بعضے جزایر حوالی خزر مین رہتا تھا رسم ترکشیدن یعنی تمام خواستہ دختر کو دینا اور لڑکے کو شمشیر اور گھر دینا کہ تیرا حق میراث مین یہی کافی ہے
۶	منسک یعنے منشخ	ایضاً	یہہ شخص نہایت مکار و حیلہ ساز تھا اور وہ ولڑکے یاجوج و ماجوج رکھتا تھا احوال یاجوج و ماجوج کا کتب سیر مین مفصل مندرج ہے اور انکا بلاد اندک صحرا اور بہت مکان اور حیلہ نواز انکے سرزمین سی ایک حصن ہی کہ محافظ اسکا سد یاجوج و ماجوج و ذوالقرنین اکبر تھا واثق باللہ خلیفہ عباسی نے خواب مین دیکھا کہ سد کھلی ہے چنانچہ واسطے دریافت اس حال کے خلیفہ سلام ترجمان کو بھیجا معہ پچاس آدمیون کے خلیفہ ولایت سامرہ سے باب الابواب و خزر کہ بدبو آتی تھی بعد طی دس منزل دیگر شہر خند مین وارد ہوا کہ یہی بود و باش یاجوج و ماجوج کی تھی اور یہان سے سات منزل اور طے کین بعضے قلعون مین پہونچا یہان کے لوگ زبان فارسی وعربی جانتے تھے اور دین اسلام کا رکھتے یہہ لوگ سلام

عدد				کیفیت
				شد بفردوس زین سرای سپنج
۵	فخر الدین	شمس الدین کہین	•	بعد حکمرانی ۷۰۶ھ مین راہی ملک عدم ہوا
۶	غیاث الدین	ایضاً	•	بعد فرمانروائی ۷۲۹ھ مین مرگیا
۷	شمس الدین	غیاث الدین	•	بسبب کثرت شرب خمر و مصاحبت زنان ایک ملک عدم ہوا
۸	ملک حافظ	ایضاً	•	بعد حکمرانی ۷۳۲ھ مین مقتول ہوا
۹	معز الدین حسین	ایضاً		بعد حکمرانی ۷۷۱ھ مین مرگیا
۱۰	غیاث الدین پیر علی	ملک معز الدین حسین	•	۷۸۰ھ مین امیر تیمور گورگان ہرات مین پہونچکر اس سے ملاقی ہوا باقی حال اولاد ابی بکر کرت کا قضایای امیر موصوف مین آویگا

۴۶ نقشہ خانان دیار مشرقیہ و بلاد ترکستان اجمالاً

عدد	نام فرمان روا	نام پدر	کیفیت
۱	یافث	نوح ع	انکو انکے باپ نی موسوم دیار شرقی کیا اور جبرئیل ع م نے حسب دعای انکے باپ کی اسم اعظم ایک پتھر پر نقش کر کی انکو دیا اوسکو حجر المطر یا سنگ یدہ و جدہ تاش کہتے ہین اس سبب سے کہ اوسکی برکات سے باران رحمت برستا تھا اور انکے گیارہ بیٹے تھے سب مین بڑے
۲	ترک	یافث	اسکو یافث اغلان بھی کہتے ہین نہایت دانا و ہنرمند تھا عمر ۲۴۰ سال کی رکھتا اور نسل کیومرث یہہ بادشاہ اولین دیار شرقیہ کا تھا اور معاصر کیومرث نخستین ملوک فارس سیلوک مین رہکر چوب و کاہ سے گھر بنائی تھی اسکے متعلقونسے کوئی دریا مین ڈوب گیا تھا اوسکے جسد کو آگ مین پھونک دیا تب سی یہہ

نمبر	نام			کیفیت
۵	نصرت الدین	بہرام شاہ	۰	بعد حکمرانی وجملہ ومحاربہ فیما بین رکن الدین برادر اپنے سے راہی ملک عدم ہوا
۶	رکن الدین	ایضاً	۰	یہہ بادشاہ ظالم تھا ہنگام قتل عام چنگیز خان کے مارا گیا
۷	شہاب الدین محمد	تاج الدین حرب	۰	ہاتھ سے خویشان شاہ عثمان کی مقتول ہوا
۸	تاج الدین	۰	۰	دو سال قلعہ سیستان میں محصور رہا بعدہ مغلوں نے قلعہ کو لیکر سبکو قتل کیا اور سوخت کیے حکومت نیمروز کی طرف حکام چنگیز خان کی منتقل ہوئی
۱	عز الدین عمر	۰	۰	یہہ بادشاہ زمانہ میں غیاث الدین کی اولاد زیر تھا پھر بادشاہ ہوا اور مدارس و مساجد تعمیر کیے
۲	ملک رکن الدین	۰	۰	یہہ سنہ ۶۴۳ھ میں شمس الدین کو ولیعہد کر کے مر گیا
۳	شمس الدین کرت	۰	۰	اسکو منکو قاآن سے عمارات ہرات وغورہ وغیرہ کی حاصل ہوئی تھی جب ہلاکو خان مرا اباقاان مالک ایران کا ہوا آخر تبریز میں مر گیا مولانا نجم الدین نسفی یا وجہ الدین کی تاریخ فوت کی خوب لکھی ہے ع بسال ششصد و ہفتاد و ششش مہ شعبان ز قضا بمصحف دوران چو بنگریست بفال بنام صفدر ایران محمد کرت ز برآمد آیت تشمس کورت زوال
۴	رکن الدین	شمس الدین		اباقا خان نے اسکو بنظر عاطفت خطاب شمس الدین کہین دیا تھا چنانچہ بعد حکمرانی ۷۰۵ھ میں فوت ہوا مولانا حکیم الدین غوری نے تاریخ وفات کی بہت اچھی کہی ع روز پنجشنبہ از صفر دہ و دو سال ہجرت رسیدہ ہفتصد و پنج شمس دین کرت خسرو آفاق

				و دستگیر کرکے لے گیا اس لڑائی مین فریڈرک کے قبضہ سے بہت سا ملک نکل گیا مگر جب واٹرلو کی میدان مین نواب ڈیوک ولنگٹن صاحب سے جو سپہ سالار افواج انگریزی اور رفقاے ولایت انگلستان کا تھا مقابلہ پڑا اور بونا پارٹ شکست فاش کھا کر پکڑا گیا تب شاہ پروش کا ملک از دست رفتہ پھیر ملگیا اور حدود اوسکی مملکت کی بدستور قائم ہوئین

۴۵	نقشہ بادشاہان ملک سیستان معروف نیمروز اجمالا			
عدد	نام حاکم	نام پدر	مدت حکمرانی	کیفیت
۱	تاج الدین ابو الفضل	طاہر	•	حسب الحکم سلطان سنجر کے فرمانروا ہوا منصف اور شجاع تھا اور وجہ تسمیہ نیمروز کی یہہ ہو کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے وہان پہلے گذر کیا کہ آب یعنی پانی تھا دیوون کو حکم دیا کہ ریگ سی پر کرین اونھون نے نیمروز مین وہان وہ کارروائی کی
۲	شمس الدین محمد	تاج الدین	•	بسبب کثرت ظلم باتفاق خوابرا اپنی کے ہاتھہ مردمان سیستان کے سے مقتول ہوا
۳	تاج الدین حرب	عز الملک	۶۰ س	یہہ بادشاہ نیکو سیرت تھا اسکے وقت مین بلاد خراسان غوریون سے متعلق تھا
۴	بہرام شاہ یمین الدین	تاج الدین حرب	•	ہاتھہ جار ملحدون سے مقتول و شہید ہوا ابو نصر فراہی صاحب نصاب صبیان اسکے وقت مین تھا

					کیٹر کے اکٹھے ہوئی تھی اونہون نے ایسا روز پکڑا کہ کئی ملکون پر قبضہ کر لیا چنانچہ اونمین ملک پروشیا بھی تھا
۲	فریڈرک			ولیم فریڈرک	اس بادشاہ کی عہد تخت نشینی مین خزانہ دولت بیشمار سے معمور تھا اور سپاہ مین ساٹھہ ہزار پیادہ و سوار تھے اس بادشاہ کے عہد مین ۱۷۵۶ء سے مقابلے اور مجادلے درمیان پروشیا اور اسٹریا اور روس اور فرانس کے شروع ہوئی اور از روے روایات مورخون کے دریافت ہوتا ہے کہ سات برس تک لڑائی قائم رہی سیکسنی اور سوئیڈن کی قوم بھی اسکے معاندون سے متفق ہو گئی اور قریب تھا کہ زوال اوسکی سلطنت پر آوے لیکن اوسنے تدبیر شایستہ سے انجام اوس جدال وقتال کا اسطرح پر کیا کہ اوسکی عظمت وشان مین کچھہ فرق نہین آیا فی التحقیقت یہہ سلطان اپنے زمانہ مین بڑے نام آور شہنشاہون مین سے تھا اسی واسطے فریڈرک اعظم مورخین لکھتے ہین
۳	فریڈرک ولیم ثانی	.		ااس	یہہ بھتیجا فریڈرک اعظم مذکور کا تھا
۴	فریڈرک ولیم ثانی	.		.	اسکے عہد مین سپاہ اس ملک کی بہت تھی اور یہہ بادشاہ اپنی تئین ایسا زبردست سمجھتا تھا کہ نپولین بوناپارٹ فرانس کے شہنشاہ سے مقابلہ کرنیکو مستعد ہوا لیکن ۱۸۰۶ء مین پروشیا کے لشکر پر شکست پڑی اور فرانسیسیون کی ہاتھہ سے بیس ۲۰ ہزار آدمی اوس ملک کے مقتول ومجروح ہوئے اور قریب چالیس ہزار آدمیون کی بوناپارٹ اسیر

اور کوئی کسیطرح پر اسواسطے جاننا چاہیے کہ یہ
۱۴ ٹوپیان ۲ ابڑی بڑی ریاستین ملک فرنگستان کی
بتفصیل ذیل ہین فرانس جہانکے باشندے فرانسیس
کہلاتے ہین جرمنی سوئٹزرلن اس ملک کے
رہنے والون کو سواس بولتے ہین اطالیہ اس ملک مین
وہ بڑا مشہور شہر جسکو روم کہتے ہین قدیم سے پایتخت
اوس ملک کا ہے اور سکندر رومی جسکا بیان مولانا
نظامی گنجوی نے سکندرنامہ مین لکھا ہے اوسی شہر کا
بادشاہ تھا پروشیا اسٹریا ہسپانیہ یا اندلس
پرتگال جہان کی لوگ پرتگیز کہلاتے ہین ہالنڈ
یہانکی باشندے ولندیز مشہور ہین سویڈن اور ناروے
روس گریس جہانکے باشندے گریک لکھی جاتی ہین
اور اس ملک مین ایک مکان ایونیان یعنی یونان ہے
اوسیکے نام سے اوس تمام ملک کی لوگون کو یونانی
کہتے ہین جنکی حکمت ودانائی مشہور ہی انکی تاریخ
قدیم وجدید کا نقشہ علیحدہ لکھا گیا ہی مثل اور ٹوپیونکے
نقشجات کے اب حال خلاصہ پروشیا کا جسکا بیان
نقشۂ ہذا مین ہی یہہ بھی جاننا چاہیے کہ زمانۂ قدیم مین
یہہ ملک کسیکی تابعداری مین نہ تھا سنہ ع کی
۱۲ صدی کی شروع مین ایک گروہ غازیون نے کہ اکثر
اونمین سے ٹیوٹن یعنی جرمنی کی باشندے تھے
اور اسیواسطے اونکا لقب ٹیوٹانک رکھا گیا برسم
جہاد زمین مقدس کنعان کا عزم کیا اور اوسمین جمعیت

۷	مرزا عبد اللطیف	۸۵۳	۸۵۴	بعد قتل کرنے اپنے باپ مرزا الغ بیگ کی ۶ مہینے بادشاہت کی
۸	مرزا شاہ محمود	۸۶۳	۰	
۹	مرزا ابراہیم	۸۶۲	۸۷۳	
۱۰	سلطان ابو سعید	۸۶۳	۸۷۳	
۱۱	سلطان ابو سعید سلطان حسین بہادر خان صاحبقران ثانی	۸۷۳	۹۱۱	
۱۲	مرزا یادگار محمد	۸۷۵	۸۷۵	صاحبقران ثانی نے اوسکو قتل کیا

۴۴ نقشہ بادشاہان ملک پروس جو پروشیہ بھی کہلاتا ہی اجمالاً

عدد	نام فرمانروا	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	ولیم فریڈرک			اس بادشاہ نے ۱۷۱۳ء مین جلوس کیا اور خطاب شاہی مخاطب ہوا پہلے حاکم پروش کی خطاب ڈیوک رکھتے تھے یہہ بادشاہ اولین اس ملک کا ہی یہہ بادشاہ شلون مزاج تھا اور اوسکے سپاہی قوی و اونچے قد کی تھی یعنی ۷ فٹ کی بلندی سی کوئی سپاہی نیچا نہوگا اور یہہ ملک پروش کا متصل جلب و کن ملک روس کی ہی فرنگستان کی جدی جدی قومونمین سی جو اس ملک کی اندر عوام مین ۱۲ ٹوپیونکے نام مشہور ہین ایک پروش یا پروشیا بھی ہے اور جو کہ مطلب ۱۲ ٹوپیونکا اس ملک کے لوگونمین کوئی کسیطرح پر سمجھتا ہے

۳۲	رافع	۲۶۸	۲۷۹	
۳۳	اسمعیل	۲۸۰	۲۹۵	
۳۴	احمد	۲۹۵	۳۰۱	
۳۵	ابوالحسن	۳۰۱	۳۳۱	
۳۶	نوح	۳۳۱	۳۴۳	
۳۷	عبدالملک	۳۴۳	۳۵۰	

۳۴ نقشۂ بادشاہان سمرقند و خراسان

بابت اولاد امیر تیمور گورکان

عدد	نام بادشاہ	سنہ جلوس	سنہ وفات	کیفیت
۱	امیر تیمور صاحبقران	۷۷۱ھ	۸۰۷ھ	۳۶ سال بادشاہت کی باقی حال انکا نقشۂ سابقہ مین لکھا ہے اور یہہ بادشاہ ۱۳۵۷ء ہندوستان مین آیا تھا
۲	مرزا خلیل سلطان	۸۰۷	۸۵۷	ولایت رے مین فوت ہوا بعد بادشاہت چند روزہ کے
۳	مرزا شاہرخ ابن امیر تیمور	۸۰۷	۸۵۰	بڑا شجاع و مدبر بادشاہ تھا ۴۳ سال ساتھ ماہ بادشاہت کی
	مرزا علاء الدولہ	۸۵۰	۸۵۵	۸۵۲ھ مین مرزا الغ بیگ سے شکست کھا کر بھاگا
	الغ بیگ	۸۵۲	[illegible]	ابھی وہ قیام نکرنے پایا تھا کہ مرزا بابر نے جلوس کیا

۹	ابوعون عبدالملک	۰	۰	
۱۰	معاذ بن مسلم	۱۶۱	۰	
۱۱	زہیر	۱۶۳	۰	
۱۲	ابوالفضل	۰	۰	
۱۳	جعفر	۱۷۰	۰	
۱۴	الحسن	۰	۰	
۱۵	غطریف	۱۷۵	۰	
۱۶	حمزہ	۱۷۷	۰	
۱۷	الفضل بن یحیی	۱۷۷	۰	
۱۸	منصور	۱۷۹	۰	
۱۹	جعفر بن یحیی	۰	۰	
۲۰	علی بن عیسی	۱۸۰	۰	
۲۱	ہرثمہ	۱۹۲	۰	
۲۲	مامون	۱۹۸	۰	
۲۳	الفضل	۰	۲۰۲	
۲۴	رجا	۲۰۳	۰	
۲۵	طاہر	۲۰۵	۲۰۷	
۲۶	طلحہ	۲۰۷	۲۱۴	
۲۷	عبداللہ	۲۱۴	۲۲۴	
۲۸	طاہر	۲۳۰	۲۴۸	
۲۹	محمد	۲۴۸	۰	
۳۰	یعقوب	۰	۲۶۵	
۳۱	عمرو	۲۶۵	۰	

کیفیت				نام	عدد
	۷۴۱	۶۹۳	۴۴ س	ملک ناصر محمد بن قلاوون	۹
	•	•	•	ملک عادل کتبغا منصوری	۱۰
	۶۹۸	••	۲ س	ملک منصور حسام الدین	۱۱
	۷۰۹	•	۱ س	ملک مظفر رکن الدین	۱۲
	•	•	۲ م	ملک منصور ابوبکر	۱۳
	•	•	۸ م	ملک اشرف کچک	۱۴
	۷۴۵	-	•	ملک ناصر احمد	۱۵
صاحب تاریخ ابوالفدا جسکا سابق مین ذکر ہوچکا ہے	•	۷۴۵	۳ س	ملک صالح اسمٰعیل ابوالفدا	۱۶

۴۲ نقشۂ حکام خراسان اجمالاً

کیفیت	سنہ وفات	سنہ جلوس	نام بادشاہ	عدد
یہ بادشاہ مقام مرو مین بحکم ابوجعفر منصور سے مقتول ہوا	۱۳۷ ہ	۱۲۹ ہ	ابومسلم ناقل الدولہ	۱
اسکو خلیفہ منصور نے والی خراسان کا کیا تھا	۱۱۴	۱۳۷	ابو داؤد خالد	۲
	•	۱۴۰	ابو عصام	۳
	•	۱۴۲	عبد الجبار	۴
	•	۱۴۴	خازم	۵
	۱۵۰	۱۴۹	ابو مالک رسید	۶
	۱۵۹	۱۵۱	حمید	۷
	•	۱۵۶	عبد اللہ	[illegible]

۷	ملک صالح ایوب نجم الدین ابن کامل	۹س ۹م	۶۳۷	۶۴۷	فرنگیون کی لڑائی مین مقتول ہوا
۸	ملک معظم توران شاہ ولد صالح	۲م	۶۴۷	۶۴۸	
۹	ملکہ شجرۃ الدر کنیزک ملک صالح	۳م	۶۴۸	۶۵۵ھ	اسی سنہ مین معزول ہوئے
۱۰	ملک اشرف موسی بن یوسف	۵سال	۶۴۸		

بابت بادشاہان ترکیہ جو دولت گردیہ کی غلام تھے اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	ایام سلطنت	سنہ جلوس	سنہ وفات	کیفیت
۱	ملک معز عز الدین ایبک ترکمانی صالحی	۲س	۶۴۸ھ	۶۵۵ھ	مقتول ہوکر مرا اسنے ملکہ شجرۃ الدر سے اپنا نکاح کیا تھا
۲	ملک منصور علی بن معز	۲س	۶۵۵ھ	+	آخر ۶۵۷ھ مین قطز نے اوسکو گرفتار کیا
۳	ملک مظفر قطز معزی	۱۱م	۶۵۷ھ	۶۵۸	
۴	ملک ظاہر رکن الدین	۱۷س	۶۵۸	۶۷۶	
۵	ملک سعید محمد ناصر الدین	۲س	۶۷۶	۶۷۸	
۶	ملک عادل بدر الدین	۴م	۶۷۸		
۷	ملک منصور ابو المعالی قلادون صالحی	۱۱س	۶۷۸	۶۸۹	
۸	ملک اشرف صلاح الدین خلیل	۴س	۶۸۹	۶۹۳	

کیفیت	سنہ وفات	سنہ جلوس	تعداد ایام حکومت	نام بادشاہ	عدد
	۵۲۴	۴۹۳	۲۹س	آمر باحکام اللہ ابو علی منصور ولد مستعلی	۷
	۵۴۴	۵۲۴	۲۰س	حافظ لدین اللہ عبد المجید بن محمد بن مستنظہر ولد عم آمر	۸
	۵۴۷	۵۴۲	۵س	الظافر باعداء اللہ اسمٰعیل بن حافظ	۹
	۵۵۳	۵۴۷	۶س	فائز بنصر اللہ عیسیٰ ولد ظافر	۱۰
	۵۶۷	۵۵۳	۷س ۵م	عاضد لدین اللہ بن یوسف بن حافظ	۱۱

۴۱ نقشۂ دولت خاندان ایوبیہ یعنی بادشاہان کردی اجمالاً

کیفیت	سنہ وفات	سنہ جلوس	تعداد ایام حکومت	نام بادشاہ	عدد
انگریزون سے بہت لڑا وہی بانی قلعۂ انجیل کا ہے	۵۸۹	۵۶۴	۲۳س	ملک ناصر صلاح الدین یوسف بن ایوب	۱
۲۷ برس کی عمر پائی	۵۹۳	۵۸۹	۶س	ملک عزیز عثمان صلاح الدین	۲
	۵۹۶	۵۹۳	۱س	ملک منصور محمد بن عزیز بن عثمان	۳
اسکے ایام مین بڑا قحط ہوا تھا یہانتک کہ ایک روٹی ہزار دینار کو بیع ہوئی	۶۱۵	۵۹۶	۱۹س	ملک عادل سیف الدین ابو بکر ابن ایوب	۴
۶۰ برس کی عمر پائی	۶۳۵	۶۱۵	۲۰س	ملک کامل محمد ولد عادل	۵
	۶۳۷	۶۳۵	۲س	ملک عادل ابو بکر ولد کامل	۶

عدد	نام	مدت	کیفیت
۴۱	ذوشناتر	۲۷ س	
۴۲	ذونواس	۲۰ س	
۴۳	وذجدن	۸ س	واضح ہو کہ بعد بادشاہان حمیر کہ ۲۶ شخص دو ہزار ۲۰ برس کے عرصہ مین گذرے تین شخص حبشہ کے بادشاہ ہوئے اور اُنکے نظر فارس سے پھر اہل اسلام کے عمل مین آیا وہ حبشہ کی یہہ ہین
۴۴	ارباط	+	
۴۵	ابرہہ الاشرم صاحب فیل	۲۳ برس	
۴۶	یکسوم	۱۷ س	
۴۷	مسروق	۱۲ س	
۴۸	سیف بن ذی یزن	+	انکے بعد پھر قبیلہ حمیر کو سلطنت نصیب ہوئی

بابت دولت غلامان فاطمہ ملک مصر اجمالاً

عدد	نام بادشاہ کا	تعداد ایام حکومت	سنہ جلوس	وفات سنہ	کیفیت ضروری
۱	معز الدین اللہ ابی تمیم معد	۲۵ س	۳۴۱	۳۶۵	شہر قاہرہ مصر مین اسیکا بسایا ہوا ہے
۲	العزیز باللہ ابو النصر نزار	۲۱ س	۳۶۵	۳۸۶	۴۲ سال ۸ مہینے کی عمر پائی
۳	حاکم بامر اللہ ابو علی منصور	۲۵ س	۳۸۶	۴۱۱	۳۶ سال ۹ مہینے کی عمر پائی
۴	ظاہر لاعزاز دین اللہ ابو الحسن علی بن الحاکم	۱۰ برس	۴۱۱	۴۲۷	
۵	مستنصر باللہ ابو تمیم بن ظاہر	۶۰ س ۴ م	۴۲۷	۴۸۵	
۶	مستعلی باللہ ابو القاسم احمد ولد المستنصر	۷ س ۲ م	۴۸۵ +	۴۹۳ +	۴۶۷ھ مین پیدا ہوا اور ۴۹۳ھ مین فوت ہوا

نمبر	نام	مدت	کیفیت
۱۹	ذوالاذعار عمرو بن المنار	۲۵ س	
۲۰	شرحبیل بن عمرو	—	حمزہ اصفہانی نے اسکا ذکر نہین کیا
۲۱	الہداد بن شرحبیل	۷۵ س	
۲۲	بلقیس بنت الہداد	۲۰ س	
۲۳	ناشر النعم بن شرحبیل	۸۵ س	
۲۴	شمر یرعش	۳۷ س	
۲۵	ابو مالک بن شمر	۵۵ س	
۲۶	اقرن بن ابی مالک	۳۵ س	[illegible]
۲۷	ذو حبشان بن اقرن	۷۰ س	
۲۸	تبع بن الاقرن [illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	—	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	—	[illegible]
	[illegible]	[illegible]	
		[illegible]	

۴۰ نقشہ ملوک حمیر یعنی بادشاہان یمن اجمالا

عدد	نام بادشاہ	تعداد ایام حکومت	کیفیت
۱	قحطان بن عابر بن شالح بن نوح	+	یہہ اول بادشاہ یمن کا ہوا
۲	یعرب بن قحطان	+	یہی شخص موجد زبان عربی کا ہے
۳	یشجب بن یعرب	+	
۴	عبد الشمس بن یشجب	+	اسیکو سبا کہتے ہین
۵	حمیر بن سبا	+	
۶	وائل بن حمیر	+	
۷	السکسک بن وائل	+	
۸	یعفر ابن السکسک		
۹	عامر بن باران		
۱۰	نعمان بن یعفر ابن سکسک		
۱۱	اشح بن نعمان المعاد		
۱۲	شداد بن عاد		
۱۳	لقمان ابن عاد بن ملطاط ابن سبا		
۱۴	ذو سدد	۱۷۵ اس	بعد حکمرانی مرگیا
۱۵	حارث ابن ذو سدد	۱۲۵ اس	اسی کو حارث الرائش کہتے ہین اور یہی تبع اول ہے
۱۶	ذو القرنین الصعب ابن الرائش	+	
۱۷	ذو المنار ابرہہ ابن ذو القرنین	۱۴۳ سال	
۱۸	امرؤ القیس ابن ابرہہ	۱۹۴ سال	

۱۲	عمرو بن الحارث	۲۶سال ۲م	
۱۳	جفنۃ اصغر	۳سال	
۱۴	نعمان ابن منذر	۱سال	
۱۵	نعمان ابن عمرو	۲۷سال	
۱۶	جبلہ ابن نعمان	۱۶س	
۱۷	نعمان ابن الایہم	۲۱سال	
۱۸	حارث ابن ایہم	۲۲سال ۵م	
۱۹	نعمان ابن حارث	۱۸سال	
۲۰	منذر ابن نعمان	۱۹سال	
۲۱	عمرو بن نعمان	۳۳سال ۴م	
۲۲	حجر بن نعمان	۱۲س	
۲۳	حارث ابن حجر	۲۶س	
۲۴	جبلہ ابن حارث	۱۷سال	
۲۵	حارث ابن جبلہ	۱۲سال ۵م	
۲۶	نعمان ابن حارث ابوکرب	۳۷سال ۴م	
۲۷	ایہم ابن جبلہ	۳۷سال ۲م	
۲۸	منذر بن جبلہ	۱۳سال	
۲۹	شراحیل بن جبلہ	۲۷س ۱۰م	
	عمرو بن جبلہ	[illegible]	
	[illegible]	[illegible]	

[illegible] سلطنت ان لوگونکے ۶۱۶ سال ہے فقط

			ہوے تھے
۲۲	راوسی	۷ اسال	پوران بنت پرویز کی ایک سال جلوسی تک بادشاہ رہا
۲۳	منذر بن نعمان بن منذر	۸ م	
۲۴	پوران بنت پرویز	۷ م	ایام ابوبکر رضا اور عمر رضا کی ہین پوران مذکور نے بھی حضرت کے حکومت ۷ مہینے کی
۲۵	یزدگرد بن شہریار بن پرویز	۱۹ اسال	حضرت عمر و حضرت عثمان رضا کے وقت ہین وہ بادشاہ ہجرت کا ہوا

۳۹ نقشہ ملوک غسان جو کہ قبل ۴۰۰ برس اسلام سے فرمانروا تھے اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	تعداد ایام حکومت	کیفیت
۱	جفنہ بن عمرو	۴۵ برس ۳ م	چارسو برس قبل ظہور اسلام کے وہ سلطنت کرتا تھا
۲	عمرو بن جفنہ	۵ سال	چند کلیسا اوسکی بنائی ہوئی ہین ایک کلیسا حالی مشہور ہے
۳	ثعلبہ بن عمرو	۱۷ اسال	اوسنے ایک کوشک اور حوض بنایا
۴	حارث بن ثعلبہ	۲۰ سال	
۵	جبلہ بن حارث	۱۰ اسال	اسنے پل اور راہ وغیرہ کی بنیاد ڈالی
۶	حارث بن جبلہ	۱۰ اسال	
۷	منذر بن حارث	۳ سال	
۸	نعمان بن حارث	۱۵ اسال ۶ مہینے	
۹	منذر ابن الحارث	۱۳ اسال	
۱۰	جبلہ بن حارث	۳۴ سال	
۱۱	ابہم ابن حارث	۳ سال	

			اسیطرح سے انکی بادشاہنین اسنے دیکھین
۵	عمرو بن امرء القیس	۳۰ سال	شاپور ذی الاکتاف اور اردشیر اور شاپور بن شاپور کے زمانہ مین تھا
۶	امراء القیس بن البیداء بن عمرو	۲۱ سال	اسنے آگ مین عمرو بن طوق کو جلایا اور یہہ رسم آگ جلانے کی اول نکالی
۷	نعمان بن امرء القیس	۲۹ سال	یہہ بانی خورنق اور سدیر کا ہے
۸	منذر ابن نعمان	۴۴ سال	یزدگرد ابن بہرام گور اور فیروز ابن یزدگرد کے زمانہ مین تھا
۹	منذر ابن منذر	۷ سال	یہہ قباد بن فیروز کے زمانہ مین تھا
۱۰	نعمان بن اسود	۴ سال	ایضاً
۱۱	ابو منذر بن علقمہ الذلی	۳ سال	ایضاً
۱۲	امراء القیس بن النعمان	۷ سال	ایضاً
۱۳	منذر ابن امراء القیس اسکو منذر ابن ماء السماء بھی کہتے ہین	+	نوشیروان کے وقت مین بھی ۴۶ برس تک حکومت کرتا رہا
۱۴	حارث بن عمر	+	نوشیروان کے زمانہ مین تھا
۱۵	منذر بن امراء القیس ثانی	+	اسی کے وقت مین امراء القیس شاعر تھا نوشیروان کے زمانہ مین تھا
۱۶	عمر بن منذر	۷ سال ۸م	
۱۷	قابوس بن منذر	۴ سال	نوشیروان کے زمانہ مین تھا
۱۸	فیشہرت	سال	ایضاً
۱۹	نعمان بن نعمان	۴ سال	ایضاً
۲۰	نعمان بن المنذر	۲۲ سال	ہرمز بن نوشیروان کے زمانہ مین بھی اوسنے تین برس ۴ مہینے تک سلطنت کی
۲۱	ایاس ابن قبیصہ	۷ سال	اسکے ایک برس ۶ مہینے جلوس کے بعد نبیؐ مبعوث

۱۱	یوسطنیس	۹ سال	کلیسہ کا بانی بھی ہے
۱۲	یوسطنیانس	۳۹ سال	بعد حکمرانی مرگیا
۱۳	یوسطنیس ثانی	۱۳ سال	ایضاً
۱۴	طاربنیس	۴ سال	ایضاً
۱۵	مورلقیس	۲۰ سال	ایضاً
۱۶	فوقاس	۸ سال	ایضاً
۱۷	ہرقل اور اوسکا بیٹا	۱۳ سال	ایضاً

۴۸ نقشہ ملوک عراق عرب جنکو لخمیین کہتی ہین اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	تعداد ایام حکومت	کیفیت
۱	مالک بن فہم	+	زمانہ اوسکا ملوک طوائف کا زمانہ تھا یعنی بعد سکندر کے اوسکو ایک شخص مسمی جلیمہ سنے قتل کیا تھا
۲	جذیمہ بن مالک بن فہم	۶۰ سال	اسی شخص سنے اول لشکرکشی کرسنے کی تدبیر نکالی
۳	عمرو بن عدی	۱۱۸ سال	اردشیر کے زمانہ بین ۱۴ برس دس مہینے اور شاپور کے وقت بین اٹھہ برس دو مہینے حکومت کی
۴	امرأ القیس بن عمرو بن عدی	۱۱۴ سال	شاپور ابن اردشیر کے زمانہ بین ۲۳ برس اور اور ہرمز ابن شاپور کے وقت بین ۲ برس وش مہینے بہرام کی زمانمین ۹ برس ۲ مہینے بہرام بن بہرام کی زمانہ بین ۲۳ برس بہرام ثالث کے زمانہ بین ۱۳ برس ۶ مہینے ۹ برس ہرمز بن نرسی کے زمانہ بین ۱۴ برس شاپور ذی الاکناف کے وقت بین ۲ برس ۵ مہینے حکومت کی

۲۴	بیلس	۶ سال	ایضاً
۲۵	ابرویس	۷ سال ۶ ماہ	ایضاً
۲۶	دقلطیانس و مقسمیانس	۱۹ سال	ان دونون بادشاہون نے نصاری کو ڈہونڈہ ڈہونڈہ کر روم مین لاکر قتل کیا اور قید کیا تھا
۲۷	قروقعیس	۵ سال	بعد حکمرانی مرگیا
۲۸	دقلطیانس	۲۰ سال	ایضاً

بابت ملوک قسطنطنیہ بموجب مندرجۂ تتمۂ تاریخ ابوالفدا اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	تعداد سال حکومت	کیفیت
۱	قسطنطین المظفر بن بیلانی	۳۱ سال	یہہ بانی قسطنطنیہ شہر کا ہے اسنے بت پرستی چھوڑکر مذہب نصرانیہ قبول کیا تھا
۲	قسطنطین	۲۴ سال	بعد حکمرانی مرگیا
۳	یولیانس بن اخی قسطنطین	۲ سال ۶ ماہ	ایضاً
۴	اورنس بن لوجالہ	۱۴ سال	ایضاً
۵	بندوسیس صغیر	۴۲ سال	ایضاً
۶	مرقیانس	۷ سال	مرقیانس کی جورو مسماۃ بلخاریا تھی دونون نے
	بلخاریا	۷ سال	سات برس حکومت کی
۷	الیون البر	سال	مر ر لیا

۸	ب ناصر شرف الدین	.	دمشق اسنے فتح . اور خطبہ اپنے نا پڑہا لبعدہ راہی مالک عد ہوا
۹	عزیز الدین ترکمان	.	یہہ بادشاہ مملو صا ملقب ما مصر سے ہوا اوس تاریخ سے بادشاہی غلامان سے متعلق ہوئی اور حکومت آل یوب منقطع ہوگئی حال اُنکا سلا . . یہ لکہا جائیگا
۱۰	عباس پاشا	.	یہہ بادشاہ وقت ترتیب جدول ہذا مصر مین فرمانروا تہے سلطان روم کی طرف سے

۳۰۶ ملوک مقدونیہ اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	مدت	
۱	بطلیموس ابن . س		سہسوان بن لاغوس تہین . . لکہی ہے
۲	بطلیموس	۳۰س	فیلوزفوس نام اسکا . . ریت . . . مین زبان عبرانی سے کروایا
۳	بطلیموس صانع	۲۶س	اور اغنیطس ا ہین
۴	بطلیموس محب ب	۱۷س	اسنے بنی اسرائیل سے جہاد . اور اوز قتبہ مین اسی کے زمانہ مین انطیاخوس نے شہر انطاکیہ بسایا تہا
۵	بطلیموس نجومی	۲س	درمیان ۱۲۱ رس مین فوت ہوا
۶	بطلیموس محب ام	۳۵س	ا فیلو . ر ہین
۷	بطلیموس صانع ثانی	۲۹س	انطیاخو سے لڑنے . بعاجب ۵۵ مر . ہوگیا

				ہوا اور اسد الدین کو امیر لشکر کا کیا اس نے تین مرتبہ لشکر کشی مصر پر کی
۲	صلاح الدین ملک ناصر	ایوب	۲۴ سال	یہ بادشاہ بعد فوت اپنے باپ کے حکومت موصل پر مستقل ہوا اور مدارس و خانقاہ و دار الشفاء تعمیر کر کے دمشق مین مرگیا بسبب کثرت سخاوت روز وفات کے خزینہ مین صرف ۴۷ درم نکلے اور عہد سلیمان بن عبد الملک بادشاہ روم خلفاء بنی امیہ سے اس بادشاہ کے عہد تک یعنی ۹۸ھ سے تا نہایت ۶۶۲ھ مابین عرصہ ۵۷ اسکے قوم نصاری سے قریب ۴ لاکھ آدمیون کے جہادات مین مقتول ہوکر مدفون ہوگئے
۳	ملک عزیز ابو الفتح عثمان	صلاح الدین	۶ س	یہ بادشاہ حلیم و رحیم تھا اور وزیر اسکا نصر اللہ اثیر
۴	ملک عادل	نجم الدین	۱۶ س	بعد حکمرانی بعدل و داد ۶۱۵ھ مین راہی ملک جاودانی کا ہوا
۵	ملک کامل ابو المعالی	ملک عادل	۲۴ س	یہ بادشاہ عادل و مدبر تھا اور خطبہ مین اوسکو خادم حرمین شریفین پڑھتے تھے آخر کو ۶۳۵ھ مین راہی ملک عدم ہوا فقط
۶	ملک عادل	ملک کامل	.	امراء مصر نے اسکو محبوس اور ملک صالح کو جو اسکا بھائی تھا تخت نشین کیا آخرش زندان مین راہی ملک بقا ہوا
	ملک معظم	ملک صالح	.	اس بادشاہ نے کفار کے ساتھ مقابلہ کر کے ملک فرنج کو قلعہ منصورہ مین مقید کیا فقط

ملک دمشق کو اسنے فتح کیا اور خطبہ اپنے نام
پڑہا لبعدہ راہی ملک عدم ہوا

بادشاہ مملوک ملک صالح کا ملقب بالملک
ہوا اوس تاریخ سے بادشاہی مصر
کی متعلق ہوئی اور حکومت آل ایوب
سلاطین چنگیزیہ مین لکہا جایگا

اور د
قرب صد
ال ہذا الملک معزین
دوپہر ہوتی تب
سے
اور سمندر کے اوس پار
دکن کی طرف فرانس اور جرمنی اور الند
ہین اور اس مملکت کے دو حصہ ہین ایک جزیرہ انگلستان
اور اسکاٹ لنڈ دوسرا ایرلنڈ دونو بحیرہ اوقیانوس
سے گہرے ہوئے ہین تفصیل اوسکی حسب ذیل کے
ملاحظہ کرنا چاہیئے

عدد	نام ولایت	طول	عرض	مساحت	آبادی
۱	انگلستان	۴۰۰ م	۲۸۰ م	۵۸۱۴۴ مم	۱۶۰۳۵۸۰۴
۲	اسکاٹلنڈ	۲۸۰ م	۱۳۰ م	۳۰۲۱۶۷ مم	۲۶۲۰۶۱۰
۳	ایرلنڈ	۲۸۰ م	۲۸۰ م	۳۱۸۷۴ مم	۸۱۷۹۳۵۹

۳۵ نقشہ سلاطین مصر اجمالاً

عدد	نام بادشاہ	نام پدر	مدت سلطنت	کیفیت
۱	نورالدین	عمادالدین زنگی	۰	یہ بادشاہ لبعد فوت اپنے باپ کے مسند آرا ہوا

				کبرسنی کا کیا برا نتیجہ ہے انسان کو دل کا آرام اور جی کا چین بڑی سلطنت سے عوض بعد عرصہ ۴ برس کے بعارضہ تپ سِگتے گلتے مرگیا
۳۱	رچرڈ	کرام ویل	۱۶۵۸	بعد حکمرانی بسبب نالیاقتی عہدہ بادشاہت سے مستعفی ہوا
۳۲	چارلس دوم	چارلس اول	۱۶۶۰	یہ بادشاہ اول دیس چھوڑکر فرنگستان مین جابجا خراب و وارستہ پھرتا تھا بعد تخت نشینی کے مفسد لوگ سابق کچھ بھاگ گئے اور کچھ پھانسی دئے گئے اور کرام ویل کی نعش کو قبر سے نکالکر سولی پر رکھکر پھر وہین دفن کیا یہ بادشاہ عیاش و نشہ باز و تماشہ بین ازبس تھا اکثر لوگ اسکی غفلت و بلیات غیبی سے ہلاک ہوئے اور ۱۶۶۵ء مین بڑی وبا لندن مین آئی کہ اوس سے قریب ایک لاکھ آدمیون کے ہلاکت کو پہونچے اور دوسرے سال آگ لگی بہت سا شہر جل گیا آخر کو ۱۶۸۵ء مین یہ بادشاہ کثرت عیاشی و مے نوشی سے راہی ملک عدم ہوا
۳۳	جمس دوم	چارلس اول	۱۶۸۵	یہ بادشاہ مذہب رومن کا تعلق رکھتا تھا اور چاہتا تھا کہ تمام برطانیہ کا دیس روم کا پوپ کی اطاعت کرے اس سبب سے لوگ اس سے زیادہ تر ناراض ہوئے اور یہ فرانس کے ملک کو بھاگ گیا وہان کے بادشاہ لوئیس نے اوسنے مدد دی پھر انگلستان مین آیا لاکچھ نہ چل سکا آخرش بحالت تباہ ۱۷۰۱ء ملک فرانس مین جاکر فوت ہوا

۴۴	ولیم				یہ بادشاہ اول علاقہ آرینج مالک فرانس کا شہزادہ تھا اور اسکے ساتھ جمس دوم کی بیٹی بیاہی تھی جسکا نام میری تھا اسکے عہد مین بادشاہی اختیارون کی ایک حد معین ہوگئی اور ہندوستان کے اندر کلکتہ کا قلعہ جو فورٹ ولیم کہلاتا ہے تعمیر ہوا اور حقوق رعایا مقرر ہوئے اس بادشاہ کو شکار کا بہت شوق تھا آخر ایک دن ۱۷۰۲ء مین گھوڑے سے گر کر صید گاہ مین مرگیا ۱۷۰۲ء تھے
۴۵	شاہزادی این	۰		۱۷۰۲	یہ جمس بادشاہ کی دوسری بیٹی تھی جب تخت نشین ہوئی تب اسکے عہد مین انگلستان کا بڑا نام ہوا اور اسپانیا سے جبل الطارق ۱۷۰۴ء مین مفتوح ہوا اور بڑے بڑے نامی حکیم وشاعر وفاضل مثل نیوطن ولاک وپوپ و اڈیسن پیدا ہوئے اور بعد حکمرانی ۱۲ سال بعمر ۴۹ برس ۱۷۱۴ء مین اس ملکہ نے وفات پائی اور بادشاہت اسٹورٹ جمس اسکاٹ لنڈ والے کی خاندان سے جاتی رہی
۴۶	جارج اول	۰		۱۷۱۴	بعمر ۵۵ سال کے تخت نشین ہوا اور ہنوور کی خاندان اول اسی سے شروع ہوا اور مذہب پراٹسٹنٹ رکھتا تھا و شہزادگان مالک جرمن سے تھا آخرش بعد حکمرانی ۱۳ سال ۱۷۲۷ء مین راہی ملک عدم ہوا
۴۷	جارج دوم	جارج اول کا بیٹا		۱۷۲۷	اس بادشاہ کے عہد مین فرانسیسیون اور ہسپانیہ والو سے لڑائیان رہین اور ۱۷۴۵ء مین دوسرے جمس کا پوتا دعویدار تاج کا کھڑا ہوکر ملک اسکاٹ لنڈ مین وارد ہوا اور انگلستانیون سے شکست کھائی اسکے رفقاء اکثر مقتول اور پھانسی دیے گئے اور ۱۷۵۵ء مین

نمبر	نام	والد	سنہ	کیفیت
				کیونے کا کیا بڑا نتیجہ ہے انسان کو دل کا آرام اور جی کا چین بڑی سلطنت سے عوض بعد عرصہ ۴ برس کے بعارضہ تپ گلتے گلتے مرگیا
۳۱	رچرڈ	کرام ویل	۱۶۵۸	بعد حکمرانی بسبب نالیاقتی عہدہ بادشاہت سے مستعفی ہوا
۳۲	چارلس دوم	چارلس اول	۱۶۶۰	یہ بادشاہ اول دیس چھوڑکر فرنگستان مین جا بجا خراب و وارستہ پھرتا تھا بعد تخت نشینی کے مفسدہ لوگ سابق کچھ بھاگ گئے اور کچھ پھانسی دئے گئے اور کرام ویل کی نعش کو قبر سے نکالکر سولی پر رکھ پھر وہین دفن کیا یہ بادشاہ عیاش و نشہ باز و تماشہ بین ازبس تھا اکثر لوگ اسکی غفلت و بلیات غیبی سے ہلاک ہوئے اور ۱۶۶۵ء مین بڑی وبا لندن مین آئی کہ اوس سے قریب ایک لاکھ آدمیون کے ہلاکت کو پہونچے اور دوسرے سال آگ لگی بہت سا شہر جل گیا آخر کو ۱۶۸۵ء مین یہ بادشاہ کثرت عیاشی و مے نوشی سے راہی ملک عدم ہوا
۳۳	جمس دوم	چارلس اول	۱۶۸۵	یہ بادشاہ مذہب رومن کا تھالک کا رکھتا تھا اور چاہتا تھا کہ تمام برطانیہ کا دیس روم کا پوپ کی اطاعت کرے اس سبب سے لوگ اس سے زیادہ تر ناراض ہوئے اور یہ فرانس کے ملک کو بھاگ گیا وہان کے بادشاہ لوئیس نے اوسے مدد دی پھر انگلستان مین آیا الا کچھ نہ چل سکا آخرش بحالت تباہ ۱۷۰۱ء ملک فرانس مین جاکر فوت ہوا

				اپنی فکر سے دریافت کیا کہ بدن مین سیلان خون کا دورہ رہتا ہے
۲۹	چارلس اول	ـ	۱۶۲۵	اسی سنہ مین بعد وفات جیمس اسٹورٹ مذکورۂ بالا کے یہ بادشاہ تخت نشین ہوا اور اسکے عہد مین عقائد دینی کے اختلافات سے ایک فرقہ کے لوگون نے شمالی امریکہ مین جا کر بسنا شروع کیا پہلے آبادی سنہ ۱۶۱۹ع مین ورجینیا کے اندر ہوئی تھی اور اسیطرح ہوتی ہوتی وہان ایک نئی حکومت کی بنا پڑگئی جو لوگ اوس فرقہ کے دشمن تھے باقی رہے ہونکے واسطے وہانکی جانبین سد راہ ہوئے اسمین بعضے بڑے اولی العزم تھے چنانچہ ایک شخص کرام ویل نام تھا
۳۰	کرام ویل	.	.	یہ شخص باتفاق مردم سنہ ۱۶۴۲ع مین بادشاہ انگلستان سے لڑکے خون کی ندیان بہا کر متواتر فتحین حاصل کرکے سنہ ۱۶۴۵ع مین بادشاہ ہار کر اسکاٹ لنڈ والون کے ہاتھ سے پکڑا گیا اور اونہون نے بیس لاکھ روپیہ کے بدلے اوسی رعایا کے حوالہ کیا رعایا نے سنہ ۱۶۴۹ع مین اوسکا سر کٹوا ڈالا اور سنہ ۱۶۵۳ع مین کرام ویل کو خطاب محافظ الملک کا ملا سب انگلستانی وغیرہ فرمانروا اوس سے ڈرتے تھے مگر اوسکو اپنی زندگی بھر کبھی چین نہ تھا اس وغدغہ سے کہ مبادا کوئی دشمن وقت پاکر خنجر دلدوز لگا کر قصہ تمام کرے اپنے کپڑون کے نیچے زرہ پہنے رہتا تھا اور بسبب وفور اندیشہ کے اچھی طرح سوتا نہ تھا دیکھو بوالہوسی اور دولت وجاہ کی زیادہ چاہ

					فتح غیر مترقب بہت بڑی شمار کیجاتی ہی اور اسنے فلپ ثانی ملک ہسپانیہ کی والی سے بہ بدسلوکی ۱۸ برس قید رکھکر مرواڈالا آخرش بروفق مرواڈالنے ایک نوابیہ کے آپ بھی اوسکے غم والم مین آہ سرد بھرتے بھرتے ۷۰ برس کی عمر مین مرگئی اسکے عہد حکومت مین سنہ ۱۵۶۵ء آلو پہلے مرتبہ جزیرۂ ایرلنڈ مین آیا اور سنہ ۱۵ء مین کوچ یعنی انگریزی گاڑی چار پہیون کی ایجاد ہوئی اور اوسی عہد مین جیبی گھڑی اول مرتبہ جرمنی کے ملک سے انگلستان مین آئی اور سنہ ۱۵۹۶ء مین سر والٹر رلی ایک امیر تنبا کو ولایت انگلستان مین اول مرتبہ لے گیا
۲۸	جمس اسٹورٹ	+		۱۶۰۳ء	یہ شخص اسکاٹلنڈ کا بادشاہ کہ وہان جمس کا خطاب تھا تخت نشین ہوا اور اسکا حق اس سلطنت پر اس واسطے پہونچا کہ ساتوین ہنری کی بیٹی کا پوتا تھا اور اوسکی ماں ہی ملکہ میری تھی یہ شخص اپنی نمود بہت چاہتا تھا اور سنہ ۱۶۰۵ء مین کئی شخص متقیون نے ملکر منصوبہ کیا تھا کہ بروز دربار عام بادشاہ مع ملکہ وشہزادگان وارکان دولت کو سرنگ لگاکر اڑا دیجیے چنانچہ یہ حال راز کا بادشاہ پر ذریعہ ایک تحریر کے قریب پہونچنے وقت معین سے کھل گیا اور تدارک کما حقہ عمل مین آیا اور ترجمہ انجیل کا جواب شائع وذائع ہے اوسی کے عہد مین ہوا اور سنہ ۱۶۱۱ء اختتام کو پہونچا اور سنہ ۱۶۱۹ء مین ہاروے نام ایک حکیم نے

				مذہب جو خلاف رومن کاتہلک ہی مقرر کیا گیا مذہب کا یہہ بادشاہ ایسا پکا تھا کہ اگر کوئی شخص اپنا عقیدہ اوسکے دین کے خلاف رکھتا تھا یا وہ جلا دیا جاتا تھا یا اوسکا سر کاٹا جاتا تھا آخر کو بعمر ۵۶ برس ۱۵۴۷ع مین گرفتار پنجۂ موت ہوا
۲۵	ایڈورڈ ششم	ہنری ہشتم	+	۹ یا ۱۰ برس کی عمر مین تخت نشین ہوا اور ہوشیار تھا الا بعمر ۱۶ سال سے راہی ملک عدم ہوا
۲۶	میری	ایضا	۱۵۵۳	یہ شاہزادی ہمشیرۂ ایڈورڈ ششم کی تھی اسنے بی بی جاین گرے کو جو اسکے حق کی خلاف وارث تخت کی گردانی گئی تھی مروا ڈالا اس شاہزادی کا مزاج ایسا تیز تھا کہ اوسکو ملکۂ خون آشام کہتے ہین علاوہ اسکے کاتہلک مذہب کی جانب داری ہین اوسکے مخالفون پر بھی بہت ظلم کئے یہانتک کہ جو شخص روم کے پوپ کی عظمت وشان پر انکار لاتا تھا اوسے جیتا جلوا دیتی تھی آخر پانچ برس کے عرصہ مین نہایت تکلیف سے ساتھ مرگئی
۲۷	الیزبتھ	+	۱۵۵۸	یہ شاہزادی ہمشیرہ میری کی تھی جو بعد فوت اپنی بہن کی تخت نشین ہوئی اور معتقد پروٹسٹنٹ مذہب کی تھی جتنی ولایت انگلستان کی شہرت و نیکنامی اس عالی ہمت کے وقت مین ہوئی ایسی کسی بادشاہ کے عہد مین نہوئی تھی الا ظالم بھی تھی اس نے فلپ ثانی ملک ہسپانیہ کے والی سے لڑکر فتحیابی پائی اور فلپ ثانی مذکور کہ ملکہ میری متوفیہ کا شوہر تھا اس شاہزادہ سے بھی ازدواج کا پیام کیا لیکن اسنے قبول نکیا تب وہان کے بادشاہ نے بیڑہ ۱۳۰ بڑے بڑے جہازون کا طیار کرکے حصن حصین نام رکھکر ولایت انگلستان کی تسخیر کا عزم کیا الا بقدرت ایزدی چھوٹے بیڑہ و کم آدمیون سے مغلوب ہوا چنانچہ اسکے عہد مین

				جسکا خطاب رچمنڈ تھا سخت لڑائی ہوئی رچرڈ کی فوج تمام تہ تیغ ہوئی اور مقتولون کے ڈھیر مین خود بادشاہ کی بھی نعش نکلی
۲۳	رچمنڈ ہنری ہفتم	+	۱۴۸۵	اسکے عہد مین رعایا امن وچین مین رہی اور چوتھے ایڈورڈ کی بیٹی سے اسکی شادی ہوئی اس بادشاہ کے عہد مین بہت سے مدرسے اور مکتب بیٹھائے گئے اور فن عمارت ونقاشی ونزاش وخراش لوگون نے خوب نکالی اور ترقی علم موسیقی کی بھی خوب ہوئی اور لڑائیان بھی خوب ہوئین اور اسکے گھرآنے کو ٹیبوڈر کہتے ہین اور اس بادشاہ کے عہد مین اون امیرون کی جاگیرین جو بیرن کا خطاب رکھتے تھے بیچ ڈالی گئین اور اس عہد مین اہل انگلستان نے ایک بڑا جہاز جنگی بنایا تھا کہ ابتدا اوسکی اوسی زمانہ سے جاننا چاہیے اور حدائق الاقالیم مین لکھا ہے کہ سنہ ۱۴۹۲ع مین کلمبس نامی سیاح وعالم وفاضل نے کہ پہلے خواص سنگ مقناطیس سے بھی واقف ہوا ہے سراغ امریکہ جنوبی کا پیدا کیا آخر ش سنہ ۱۵۰۶ع مین مجبس مین مرگیا اسکے بعد ایک شخص قوم نصاری امریکس ساکن شہر فلارنس نے اوسی عہد کے قریب امریکہ شمالی کو پیدا کیا واللہ اعلم بحقائق الامور
۲۴	ہنری ہشتم	ہنری ہفتم	+	یہہ بادشاہ ۱۸ برس کی عمر مین تخت نشین ہوا بہت متکبر وظالم وزشت خو تھا اسکے عہد مین دین عیسوی مین انقلاب پیدا ہوا اور پراٹسٹنٹ

					پھول سفید کا اسواسطے اس کارزار کو معرکہ گلاب کہتے ہین ۳۰ برس تک لڑائی رہی کبھی میدان انکی ہاتھہ کبھی فتح کا گل اونکے ہاتھہ آیا آخر کو وارک کے نواب کی عبسارت وجوانمردی سے نسیم نصرت کی سفید پھول والون کے مراد کے باغ مین چلی اور گل سرخ والون کے ۳۶ ہزار آدمی مثل لالہ خون آلود میدان مین مقتول ہوکر گرے
۱۹	ایڈورڈ چہارم		.	۱۴۶۱	اس بادشاہ کی تخت نشینی سے کئی نشست کا راج کیا ہوا رچرڈ کے گھرانے مین پھر آیا آخر کو وارک کے نواب نے اوس سے جھگڑا کرکے اوسے تخت سے اتار دیا اور یہہ بادشاہ فرانس کے دیس کو چلا گیا اور پھر چند روز کے استعداد بہم پہونچا کر اپنے ملک پر فتحیاب ہوا آخر کو ۱۴۸۳ء مین فوت ہوا
۲۰	ہنری ششم		.	.	اسنے وارک کے نواب کے ذریعہ سے تخت نشینی پائی تھی آخر کو مع اپنے فرزند کے مقتول ہوا اور ملکہ مارگریٹ کو فرانس کے دربار نے کچھہ زر دیکر قید سے چھوڑایا لیکن وہ بھی بحالت تباہ فوت ہوئی
۲۱	ایڈورڈ پنجم	ایڈورڈ چہارم		+	یہہ بادشاہ دو بھائی تھے خرد سال ان بیچارے دونون خرد سالون کی محافظت انکے چچا رچرڈ نام کوزہ پشت گلاسٹر کے نواب سے کہ نہایت زشت کردار تھا متعلق ہوئی آخر قلعہ لندن مین دونو گلا گھونٹ کے مارے گئے
۲۲	رچرڈ کوزہ پشت	—		+	اسنے ہزارون گناہ تاج کی ہوس مین کیے مگر وہ بھی بادشاہی چند روز سے اوسکے پاس نرہا اور اس یہہ [illegible]

۱۵	رچرڈ ثانی	•	•	بعمر ۱۱ سال کے تخت نشین ہوا اور اسکے عہد سلطنت سنہ ۱۳۸۱ء مین ایک ایسا عجیب وغریب ماجرا بطور بلوی کی شروع ہوگیا یہانتک کہ لاکھہ آدمی اکٹھا ہوگئے اور انہین سی سردار لوہار تھا کہ آخر لوہار نواب میر حاجب شہر لندن کی ہاتھہ سی مارا گیا اور بلوہ فرو ہوگیا باقی مفصل حال اس بلوی کا کتب سیر انگریزی مین مندرج ہی جسکو خواہش ہو دیکھہ لیوی
۱۶	ہنری چارم	•	۱۴۰۰ء	یہہ لنکاسٹر کا نواب جو رچرڈ کا رشتہ مین بھائی ہوتا تھا اور جسکا باپ مسمی جان کانٹ کا رئیس ہرفرڈ کا خطاب پاکر دیس سے نکالا گیا تھا تخت نشین ہوا اور یارک شہر کے آرچہ بشپ یعنی سردار پادری نی کسی سرکشی مین اہل بغاوت کی طرفداری کی اسواسطے اس جرم کے لیے اس بادشاہ نے اوسکا سر کٹوا ڈالا اور ایک محقق کو مذہب کی تکرار پر زندہ جلوا دیا یہہ رسم نامعقول انگلستان مین اسی کے عہد سے شروع ہوئی
۱۷	ہنری پنجم	ہنری چارم	۱۴۱۳ء	دو برس کے بعد اسنے فرانس کے ملک پر خروج کیا اور اوسیکو اپنے قبضہ مین لایا آخر بعمر ۳۴ سال کے راہی ملک عدم ہوا
